

www.haal.com.pk
روزنامہ
حال
کوئٹہ
جلد نمبر 29
شمارہ نمبر 321
قیمت 10 روپے
بروز پیر 23 نومبر 2026ء
12 جمادی الثانی 1448ھ
E-mail:dailyhaalmail@gmail.com ABC Certified Daily HAAL Quetta Ph: 081-2826300

وفاقی وزیر احسن اقبال نارووال یونیورسٹی میں فائن آرٹس طلبہ کے فن پارے دیکھ رہے ہیں

زرداری، اسحاق ڈار، ایاز صادق ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری سے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ایوان صدر میں ملاقات کی۔ ہفتہ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ راجہ پرویز اشرف اور سینیٹر شیری رحمان بھی ملاقات میں موجود تھے۔

پاکستان خطے کے تمام ممالک کے ساتھ ثقافتی روابط، تاریخی تعاون اور عوامی سطح پر تبادلوں کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے، وفاقی وزیر مصدق ملک

موسمیاتی تبدیلی کے اثرات پورے خطے کو متاثر کر رہے ہیں

موسمیاتی چیلنج سے نمٹنے کیلئے مشترکہ اقدامات کی ضرورت ہے، مصدق ملک

کسی بھی قوم اور تہذیب کو سمجھنے کے لیے اسے مختلف زاویوں سے دیکھنا ضروری ہے، اپنی شناخت کو صرف اپنی نظر سے دیکھنے کے بجائے دوسروں کے نقطہ نظر سے بھی سمجھنا چاہیے

تہذیبوں کا اصل دشمن کوئی دوسری تہذیب نہیں بلکہ موسمیاتی تبدیلی ہے جو تاریخی مقامات، قدیم آثار اور انسانی آبادیوں کے لیے سنگین خطرہ بنتی جا رہی ہے، اجلاس سے خطاب

نئی دہلی (آن لائن) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے بھارت سمیت تمام ایس سی او ممالک کو مکالمے کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ بات چیت مختلف نظریات اور ثقافتوں کے درمیان ہی ہوتی ہے، اگر سب نظریات ایک جیسے ہوں تو وہ مکالمہ نہیں رہتا، پاکستان کے تاریخی اور تہذیبی روابط فارس اور عرب سے لے کر بخارا اور ثمرقند تک پھیلے ہیں، سب کو دعوت دیتے ہیں کہ ان سے فائدہ اٹھائیں، موسمیاتی تبدیلی کے اثرات پورے خطے کو متاثر کر رہے ہیں، چیلنج سے نمٹنے کے لیے مشترکہ اقدامات کی ضرورت ہے، موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث تاریخی مقامات اور ثقافتی ورثے کو پہنچنے والے نقصانات سے نمٹنے کے لیے ایس سی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

لاہور، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نادرا اسمارٹ سنٹر پیکو روڈ کے دورے کے موقع پر بزرگ خاتون کی شکایت سن رہے ہیں

قطر اور جرمنی کا ایران سے حوثیوں کی حمایت ختم اور جوہری شفافیت بڑھانے کا مطالبہ

دوحہ (جی این ایم) قطر اور جرمنی نے ایران پر زور دیا ہے کہ وہ جوہری عدم پھیلاؤ کے معاہدے اور بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کے ساتھ جامع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

ماحولیاتی کانفرنس کوپ 31 گلوبل وارمنگ سے نمٹنے کیلئے نیا معاہدہ پیش

انطالیہ (جی این ایم) ترکیہ کے شہر انطالیہ میں ہونے والی اقوام متحدہ کی ماحولیاتی کانفرنس کوپ 31 میں عالمی حدت پر قابو پانے کے لئے نئے معاہدے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے 8 افراد زخمی، دو ملزمان گرفتار

اسلام آباد (یو این اے) اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری پولیس نے نیلور اور کھنہ پل کے درمیان شہزاد ٹاؤن تھانے کی حدود میں تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے 8 افراد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے

مجھ پر تبصرے ہو رہے ہیں جواب دیا تو منہ چھپانے کے قابل نہیں رہیں گے، عوام کو تیز رفتار اور بہترین خدمات کی فراہمی ہمارا مشن ہے، محسن نقوی

ڈھائی سال سے اس وزیر کے تبصرے صبر سے سن رہا ہوں، جن بزنس مینوں پر تنقید کی جا رہی ہے وہ پاکستان کے عزت دار شہری ہیں، وہ بزنس مین مختلف چیمبرز کے صدور اور عہدیدار تھے

نادرا سنٹر پیکو روڈ پر شہریوں کا فیڈ بیک بہت مثبت تھا، عوام کو تیز رفتار اور بہترین خدمات کی فراہمی ہمارا مشن ہے، شہریوں کی ہر مکمل رہنمائی کی جائے تاکہ انہیں بار بار سنٹر آنا نہ پڑے

لاہور (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ ایک وزیر آج کل روز ٹی وی پر آنے کیلئے میرے اوپر تبصرے کر رہا ہے لیکن جس دن میں نے اس وزیر کے خلاف تبصرہ کر دیا وہ منہ چھپانے کے قابل نہیں رہے گا۔ غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ ڈھائی سال سے اس وزیر کے تبصرے صبر سے سن رہا ہوں، جن بزنس مینوں پر تنقید کی جا رہی ہے وہ پاکستان کے عزت دار شہری ہیں، وہ بزنس مین وفاق اور مختلف شہروں کے چیمبرز کے صدور اور عہدیدار تھے۔ محسن نقوی نے کہا کہ جن بزنس مینوں پر تنقید کی جا رہی ہے وہ وہ بزنس مین پاکستان میں سب سے زیادہ ٹیکس ادا کرنے والوں میں شامل ہیں، وہ بزنس مین اتنے ہی برے ہیں تو ہر الیکشن میں ان سے پارٹی فنڈ کے نام پر اربوں روپے کیوں لیتے ہیں؟ ۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نادرا سنٹر پیکو روڈ کا دورہ کیا اور شناختی کارڈز سمیت دیگر دستاویزات بنوانے کے لیے آنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا سینئر صحافی حسین نقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سینئر صحافی حسین نقی کے انتقال پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کے اہل خانہ اور صحافتی برادری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

کوئٹہ میں پبلک سروس وہیکلز مینجمنٹ انفورمیشن سسٹم پوائنٹ کا افتتاح

کوئٹہ (جی این ایم) ڈپٹی انسپکٹر جنرل نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس (این ایچ ایم پی) ویسٹ زون ڈاکٹر قریش خان نے خدمات کے نظام کو مزید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

پشاور، سی ٹی ڈی اور سیکیورٹی فورسز کی فتنہ الخوارج کیخلاف کارروائی، 3 دہشتگرد ہلاک

پشاور (جی این ایم) پشاور کے علاقے متنی میں سی ٹی ڈی اور سیکیورٹی فورسز کی فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائی، فائرنگ کے تبادلے میں تین دہشتگرد ہلاک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

امریکہ ایران مذاکرات کی کامیابی عالمی معیشت کے مفاد میں ہے

بلاول بھٹو

پاکستان تنازعات کا حل چاہتا ہے، امریکا ایران مذاکرات میں پاکستان کا فعال سفارتی کردار جاری ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

افغانستان میں دہشتگرد گروہوں کی موجودگی پاکستان کے لیے بڑا سکیورٹی چیلنج ہے، امریکی جدید اسلحہ دہشتگردوں کے ہاتھ لگا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ امریکہ ایران مذاکرات کی کامیابی عالمی معیشت کے مفاد میں ہے۔ افغانستان میں دہشت گرد گروہوں کی موجودگی پاکستان کے لیے بڑا سکیورٹی چیلنج ہے۔ ایک بین الاقوامی ادارے کو انٹرویو میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ امریکہ ایران مذاکرات میں پاکستان کا فعال سفارتی کردار جاری ہے، پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

دو بلوچستان کو
کوئٹہ، جماعت اسلامی کے مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمٰن جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

عمران خان کی صحت و سلامتی پر کسی قسم کی غفلت قبول نہیں کی جائیگی

تحریک انصاف

پی ٹی آئی اراکین قومی اسمبلی کا اجلاس، بانی کو جیل مینوئل اور سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق تمام سہولیات فراہم کرنیکا مطالبہ

سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر تمام سیاسی رہنماؤں کی جان و مال کا تحفظ اور سیکیورٹی یقینی بنانا ریاست کی ذمہ داری ہے، اعلامیہ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے خیبر پختونخوا سے منتخب اراکین قومی اسمبلی نے بانی پی ٹی آئی کو جیل مینوئل اور سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق تمام سہولیات فراہم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ سہیل آفریدی، اسپیکر بابر سلیم سواتی، صوبائی صدر جنید اکبر سمیت صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی اور پی ٹی آئی ورکرز کو منظر عام پر لایا جائے اور قانون کے مطابق عدالتی دفاع کا حق فراہم کیا جائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

انتظامیہ ایران کے ساتھ مذاکرات کر رہی ہے، امریکی صدر

ایران سے ایسا معاہدہ ہو جو مستقبل کا احمق، برا یا کمزور امریکی صدر بھی ختم نہ کر سکے، ٹرمپ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران امریکا کے ساتھ معاہدہ کرنا چاہتا ہے اور دونوں ملکوں کے درمیان بات چیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

نوجوانوں کو معاشی طور پر خودمختار اور بااختیار بنانا اولین ترجیح ہے

شہباز شریف

یوتھ لون سکیم کے تحت قرضوں کی تقسیم میں مکمل شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا جائے تاکہ مستحق نوجوان حکومتی سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں

حکومت نوجوانوں کو کاروبار، زراعت اور ہنرمندی کے شعبوں میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کیلئے کوششیں جاری رکھے گی

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے نوجوانوں کے لیے کاروباری اور زرعی قرضوں کی فراہمی کا عمل مزید تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ یوتھ لون سکیم کے تحت قرضوں کی تقسیم میں مکمل شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا جائے تاکہ مستحق نوجوان حکومتی سہولت سے بھرپور فائدہ اٹھا سکیں۔ وزیراعظم کا کہنا ہے کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں اور انہیں معاشی طور پر خودمختار اور بااختیار بنانا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف سے چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں نے ملاقات کی، جس میں ملک بھر کے نوجوانوں کی فلاح و بہبود، انہیں جدید ہنر سے آراستہ کرنے، روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت جاری مختلف منصوبوں پر تفصیلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

مولانا فضل الرحمان کی غلط بات غلط ہے، فیصل کنڈی

دہشت گردی کے خلاف جنگ ہماری اولین ترجیح ہے، ہمارے پاس غلطی کی گنجائش نہیں

پشاور (آن لائن) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کا کہنا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کے ساتھ احترام کا رشتہ ہے، جے یو آئی سربراہ میرے علاقے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

مسقط، وفاقی وزیر علی پرویز ملک کی موجودگی میں عمان کیساتھ معاہدے پر دستخط کئے جا رہے ہیں

بجلی کی قیمتوں میں 2 روپے 88 پیسے اضافہ کرنے کا فیصلہ، نیپرا میں درخواست دائر

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی حکومت کی جانب سے بجلی کی قیمتوں میں 2 روپے 88 پیسے فی یونٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

ژوب اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 4.7 ریکارڈ

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے ضلع ژوب اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ زلزلہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

ایران کا بحرین پر دوبارہ حملہ، صنعتی تنصیب میں آگ بھڑک اٹھی

الرفاع اور عوالی کے امریکی فوجی اڈوں پر مشترکہ میزائل اور ڈرون حملے کیے گئے، پاسداران انقلاب

تہران، منامہ، مسقط (جی این ایم ایران نے بحرین کو دوبارہ حملوں کا نشانہ بنایا ہے جس کے نتیجے میں ایک شہری صنعتی تنصیب میں آگ لگ گئی تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا جبکہ پاسداران انقلاب نے امریکی فوجی اڈوں الرفاع اور عوالی کو میزائلوں اور ڈرونز سے نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے۔ بحرین کی وزارت داخلہ کے مطابق ایرانی حملے کے نتیجے میں ایک شہری صنعتی تنصیب متاثر ہوئی جہاں آگ لگ گئی۔ واقعے میں کسی شخص کے زخمی یا جاں بحق ہونے کی اطلاع نہیں ملی جبکہ شہری دفاع کی ٹیمیں آگ پر قابو پانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ تھیلیسیمیا کے مریض بچوں میں تحائف تقسیم کر رہے ہیں

ملک بھر کے عوام نئے چھوٹے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے حق میں بول پڑے

اسلام آباد (جی این ایم) ملک بھر کے عوام کی جانب سے نئے چھوٹے صوبوں اور نئے انتظامی یونٹس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

پاک ایران قومی شاہراہ پرمل کے مقام پر ویگن حادثے کا شکار، ایک شخص جاں بحق اور چھ زخمی

نوشکی (یو این اے) پاک ایران قومی شاہراہ این چالیس پرمل کے مقام پر خاران جانے والی ویگن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

Kurgula
Güzellik
CONSTRUCTED
استنبول، وفاقی وزیر سینیٹر اعظم نذیر تارڑ ترکیہ کی وزیر سے کانفرنس کے موقع پر ملاقات کر رہے ہیں

دالبندین، مسلح افراد کی فائرنگ سے ڈرائیور جاں بحق اور تین افراد زخمی

مسلح افراد نے ایک اور واقعے میں ٹرک کو نذر آتش کر دیا ہے، سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر تحقیقات شروع کر دی

دالبندین (آن لائن) چاغی کے علاقے ڈھڈر میں پاک ایران شاہراہ پر نامعلوم مسلح افراد نے تفتان سے دالبندین آنے والی مال بردار بس پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں ڈرائیور موقع پر جاں بحق جبکہ تین افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

کوئٹہ میں غیر قانونی ٹیوب ویلوں کیخلاف کارروائی کا حکم

کوئٹہ میں پانی کی فراہمی بہتر بنانے، خستہ حال پائپ لائنوں کی مرمت اور مستقبل کی منصوبہ بندی کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائی کورٹ نے کوئٹہ شہر اور گردونواح میں غیر قانونی ٹیوب ویلوں کی نشاندہی، سرکاری ٹیوب ویلوں پر مبینہ غیر قانونی قبضوں کے خلاف کارروائی اور پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے جامع اقدامات کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

پشاور متنی میں سی ٹی ڈی اور سیکیورٹی فورسز کا آپریشن، 3 دہشتگرد ہلاک

دہشتگرد سرکاری تنصیبات پر حملوں اور پاکستان کی سلامتی کو نقصان پہنچانے کی منصوبہ بندی کر رہے تھے، سی پی او

دہشت گردوں کے قبضے سے 02 کلاشنکوف، 01 پستول، 03 ہینڈ گرنیڈ، 05 میگزین اور قومی شناختی کارڈز برآمد

متنی، پشاور، اسلام آباد (آن لائن) متنی، پشاور میں سی ٹی ڈی اور پاک فوج کا فتن الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف بڑی کارروائی کے دوران فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے 03 دہشتگرد ہلاک کر دیئے گئے۔ ہلاک دہشتگردوں کی شناخت عبدالرشید، سعید اللہ اور سعید نواب کے ناموں سے ہوئی۔ دہشت گرد سرکاری تنصیبات پر حملوں اور پاکستان کی سلامتی کو نقصان پہنچانے کی منصوبہ بندی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

سرکاری قرضوں میں ایک سال میں 6 ہزار 200 ارب روپے کا اضافہ

جون 2025 کے اختتام پر پاکستان کے مجموعی سرکاری قرضے 84.8 ٹریلین روپے ریکارڈ کیے گئے تھے، میڈیا رپورٹس

مالی سال 2027 سے 2029 کیلئے مرتب کردہ قرضوں کی پائیداری کے تجزیے میں ان اعداد و شمار کی تفصیلات پیش کی گئی

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان کے مجموعی سرکاری قرضوں میں ایک سال کے دوران 6 ہزار 200 ارب روپے کا بھاری اضافہ ریکارڈ ہونے کا انکشاف ہوا ہے، جس کے بعد جون 2026 کے اختتام پر ملکی قرضوں کا مجموعی حجم 90.98 ٹریلین روپے تک پہنچ گیا، وزارت خزانہ کے اعداد و شمار اور مالی سال 2027 سے 2029 کے لیے مرتب کردہ قرضوں کی پائیداری کے تجزیے میں اگرچہ قرضوں کی مجموعی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

زیارت، امن و امان کی صورتحال پر نور محمد دومڑ سے ڈی آئی جی کی ملاقات

عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، پولیس اور انتظامیہ میں مؤثر رابطہ ضروری ہے، نور محمد دمڑ

سنجاوی (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دومڑ سے دومڑ ہاؤس کلی اڑس سنجاوی میں ڈی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

پوری قوم دہشت گردی کیخلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، گیلانی

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے بلوچستان کے ضلع مستونگ میں دو کامیاب کارروائیوں کے دوران 15 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

اسکردو میں درجہ حرارت منفی 6 ڈگری تک گر گیا، کوئٹہ میں پارہ 3 ڈگری ریکارڈ

ملک کے بیشتر علاقوں میں خشک سردی کی شدت میں اضافہ ریکارڈ کیا جا رہا ہے

کوئٹہ، سکردو (آن لائن) اسکردو اور گردونواح میں شدید سردی کی لہر نے معمولات زندگی متاثر کرنا شروع کر دیے، شہری علاقوں میں درجہ حرارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان پٹرولیم ریلیف پر اتفاق ہو گیا

ایک ہزار سی سی گاڑیاں اور 12 ایکڑ تک کے کاشتکار سبسڈی کے اہل ہونگے، لانگ مارچ عارضی طور پر روکنے کا فیصلہ

وزیراعظم شہباز شریف اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کی جلد ملاقات متوقع، پٹرولیم لیوی میں ممکنہ کمی کا عندیہ

اسلام آباد (آن لائن) حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ریلیف اور سبسڈی کی فراہمی کے معاملے پر اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، دونوں فریقوں کے درمیان سبسڈی کا دائرہ وسیع کرنے کے فارمولے پر اتفاق ہو گیا ہے، جس کے تحت ایک ہزار سی سی تک کی گاڑیوں اور 12 ایکڑ تک اراضی رکھنے والے کاشتکاروں کے ٹریکٹرز کو بھی سبسڈی کی سہولت فراہم کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

ایران کی بحری ناکہ بندی مسلسل 130 ویں روز بھی جاری ہے، امریکی سینٹرل کمانڈ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف بحری ناکہ بندی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

مریم نواز کا تقریبات میں شرکت کرنیوالے سکھ یاتریوں کا خیر مقدم

پاکستان بالخصوص پنجاب امن، محبت، مذہبی رواداری اور بین المذاہب ہم آہنگی کی سرزمین ہے

لاہور (آن لائن) وزیراعلیٰ پنجاب نے بابا گرونانک کے جنم دن کی تقریبات میں شرکت کیلئے آنے والے سکھ یاتریوں کا خیر مقدم کیا ہے۔ وزیراعلیٰ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

پرتگال کے وزیر مملکت اور وزیر خارجہ پالو رینجل کی پاکستان آمد

اسلام آباد (جی این ایم) پرتگال کے وزیر مملکت اور وزیر خارجہ پالو رینجل پاکستان پہنچ گئے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ایڈیشنل سیکرٹری یورپ عائشہ علی نے پرتگال کے وزیر مملکت اور وزیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

میر علی سے فتنہ الخوارج کا چھپایا گیا اسلحہ اور بارودی مواد کا بڑا ذخیرہ برآمد

راولپنڈی (آن لائن) شمالی وزیرستان کے علاقے میر علی میں سکیورٹی فورسز کا سرچ اینڈ کلیئرنس آپریشن کامیابی سے جاری ہے جبکہ میر علی کے علاقہ حیدر خیل میں سکیورٹی فورسز نے کارروائی کے دوران فتنہ الخوارج کا اسلحہ اور بارودی مواد کا بڑا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

وزیراعظم 30 نومبر سے روس کا 3 روزہ سرکاری دورہ کرینگے

وزیراعظم شہباز شریف روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کی دعوت پر ماسکو کا دورہ کریں گے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف 30 نومبر سے روس کا تین روزہ سرکاری دورہ کریں گے۔ رپورٹ کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

سعودی دفاعی نظام نے حوثیوں کا مکہ کی جانب بھیجا بیلسٹک میزائل فضا میں تباہ کر دیا

ریاض، انقرہ (جی این ایم) سعودی اتحادی افواج نے یمن کے حوثی باغیوں کی جانب سے مکہ مکرمہ کی طرف داغا گیا بیلسٹک میزائل فضا میں ہی تباہ کر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

افغانستان میں طالبان مخالف مسلح مزاحمتی کارروائیاں تیز

یکم اگست تا 13 نومبر تک 22 صوبوں میں 126 حملوں میں 135 طالبان اہلکار ہلاک ہوئے، رپورٹ

کابل (جی این ایم) افغانستان میں طالبان مخالف مزاحمتی گروپس کا دائرہ وسیع ہوتا جا رہا ہے، جہاں مختلف صوبوں میں مسلح کارروائیاں تیز ہو گئیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

وزیراعظم کا فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے پشاور کے علاقے متنی میں فتنہ الخوارج کے خلاف مشترکہ کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قومی عزم اور حوصلے کی عکاس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

جماعت اسلامی کے زیر اہتمام صادق شہید فٹبال گراونڈ میں "بدل دو نظام جلسہ عام" سے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ، مرتضیٰ خان کاکڑ، حافظ نور علی، پروفیسر شکیل روشن، مولانا محمد اسلم گزگی، مولانا داد اللہ قاری امداد اللہ و دیگر خطاب کر رہے ہیں

ایک وزیر آج کل روز ٹی وی پر آنے کیلئے میرے اوپر تبصرے کر رہا ہے: محسن نقوی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا ہے کہ ایک وزیر آج کل روز ٹی وی پر آنے کے لیے میرے اوپر تبصرے کر رہا ہے۔ نجی ٹی وی سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جس دن میں نے اس وزیر کے خلاف تبصرہ کر دیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

روزنامہ
حال
Daily “HAAL” Quetta

پبلشر و چیف ایڈیٹر قراۃ العین نے السعید پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر فلیٹ نمبر 204 سیکنڈ فلور یونیورسل کمپلیکس کیلون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ PhNo:081-2869017

پاکستان کی بھارت کو مذاکرات کی دعوت

وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ پاکستان کی تہذیبی شناخت کسی ایک خطے یا ثقافت تک محدود نہیں بلکہ یہ وادی سندھ، گندھارا، وسطی ایشیا، ایران اور عرب دنیا سمیت مختلف تہذیبوں کے تاریخی میل جول سے تشکیل پائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سرزمین پر موجود تاریخی آثار، قدیم علمی مراکز، مذہبی روایات، شاعری اور ثقافتی ورثہ اس خطے کی مشترکہ تاریخ کی عکاسی کرتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے اپنے خطاب میں علامہ محمد اقبال اور مولانا جلال الدین رومی کے فکری و روحانی تعلق کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اقبال نے اپنے تصوراتی سفر میں مولانا رومی کو اپنا رہنما بنایا، حالانکہ دونوں کے درمیان تقریبا 600 سال کا زمانی فاصلہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ مثال واضح کرتی ہے کہ علم، فکر اور تہذیب کا سفر صدیوں اور جغرافیائی سرحدوں کا پابند نہیں ہوتا اور مختلف ادوار کے مفکرین ایک دوسرے کے فکری ساتھی بن سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی قوم اور تہذیب کو سمجھنے کیلئے اسے مختلف زاویوں سے دیکھنا ضروری ہے، اپنی شناخت کو صرف اپنی نظر سے دیکھنے کے بجائے دوسروں کے نقطہ نظر سے بھی سمجھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ مکالمہ اسی وقت ممکن ہوتا ہے جب مختلف شناختیں، آوازیں اور نقطہ ہائے نظر موجود ہوں، اگر سب کی شناخت اور آواز ایک جیسی ہو تو مکالمے کے بجائے یک طرفہ گفتگو رہ جاتی ہے۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے پاکستان کے تاریخی ورثے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس خطے کی تاریخ کے راستے وسطی ایشیا، بخارا، سمرقند، افغانستان اور چین تک جاتے ہیں جبکہ ہماری شاعری، دعاں اور مذہبی روایات کے روابط ایران، فارس اور مشرق وسطی سے جڑے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وادی سندھ اور گندھارا کی تہذیبیں پاکستان کی تاریخی شناخت کا اہم حصہ ہیں اور ان کے اثرات اس خطے سے نکل کر چین اور وسطی ایشیا تک پھیلے۔ انہوں نے ٹیکسلا کو علم و دانش کا ایک قدیم مرکز قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد سے تقریباً 50 میل کے فاصلے پر واقع یہ تاریخی مقام ماضی میں علمی سرگرمیوں کا اہم مرکز رہا ہے۔ اسی طرح اسلام آباد کے قریب موجود غاروں اور تاریخی مقامات پر بدھ مت کے پیروکاروں اور راہبوں کی عبادت اور مراقبے کے آثار اس خطے کے قدیم مذہبی و ثقافتی روابط کی نشاندہی کرتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کی تہذیب مختلف ادوار اور ثقافتوں کے امتزاج سے تشکیل پائی ہے، گندھارا کی تہذیب ہو، وادی سندھ کی شہری تہذیب، وسطی ایشیا سے آنے والے لوگوں کی روایات، فارسی شاعری یا عربی زبان میں دعائیں، یہ سب ہماری اجتماعی ثقافتی شناخت کا حصہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اس تاریخی ورثے کو اپنے تک محدود رکھنے کے بجائے پوری انسانیت کے ساتھ بانٹنے کیلئے تیار ہے کیونکہ یہ تاریخ اور قدرت کی جانب سے عطا کردہ مشترکہ خزانہ ہے۔

بھارتی خوش فہمی کا سایہ

تحریر: کرن عزیز کشمیری

پاکستان کے اندرونی مسائل ہوں یا آزاد کشمیر میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال، بھارتی میڈیا یا پاکستان دشمنی کے خلاف بیانیہ بنانے اور سرحد کے اس پار حالات کو جنگ، چیخ چیخ کر بیان کرنا شروع کر دیتا ہے۔ ایک بڑی جمہوریت کہلانے والے ملک نے کشمیری مسلمانوں پر اپنی ظالم فوج کے ذریعے اتنے مظالم ڈھائے کہ انسانیت بھی شرما جائے۔ بھارت کی طرف سے ایک بیان سامنے آیا ہے کہ مکمل جوائنٹ دفاعی معاہدے پر گہری نظر ہے۔ اس بیان کے تناظر میں جائزہ لیا جائے تو بھارت پاکستان یا یوں کہیں کہ امت مسلمہ کے اندرونی معاملات کا جائزہ لینے کی آڑ میں مداخلت کی کوشش کر رہا ہے، وواضح ہے کہ بھارتی ایک ایسے وقت میں اسرائیل کا دورہ کیا تھا جب امریکہ کے ساتھ مل کر ایران پر حملہ کیا گیا تھا، آن کا۔ یہ دورہ تب بھی سوالیہ نشان تھا کہ بھارت جان بوجھ کر جنگ کی حمایت کرنے یا اسرائیل کا ساتھ دینے کی کوشش تو نہیں کر رہا۔ اس سلسلے میں اہم امر یہ ہے کہ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ نے اہم مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کر دیے ہیں۔ بھارت اور اسرائیل ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں۔ بھارت ہرگز خاموش تماشائی کا کردار ادا نہیں کر رہا۔ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ تینوں ممالک کے مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت کسی ایک ملک پر حملہ پوری مسلم امہ پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ معاہدہ ممکنہ نیٹو طرز کا اتحاد ہے، مزید ممالک بھی شامل ہوں گے۔ امت مسلمہ کا اتحاد۔ وقت کا اہم تقاضا ہے، تاہم یہ یہ یاد رکھنا چاہیے کہ پاکستان میں امن و امان خراب کرنے میں بھارت کا ہمیشہ سے اہم کردار ادا رہا ہے۔ مقبوضہ کشمیر کے لاکھوں بچے خوف کے سائے میں پلے بڑھے۔ ان کی پرورشی والدین کو ایک ایسے ماحول میں کرنا پڑی جہاں سناٹے میں صرف فوجی بوٹوں کی آوازیں سنائی دیتی تھیں۔ کشمیر ہرگز آپ علام قوم نہیں ہے۔ نہ ہی کبھی کسی غاصب کی غلامی قبول کرے گی۔ کشمیری دنیا کے کسی کونے میں بھی ہوں، آزادی کو ہی ترجیح دیتے ہیں اور اتحاد کے ساتھ رہنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ بھارتی قابض فورسز کی جانب۔ انسانی حقوق کی پامالیاں، انسانی حقوق کی تنظیموں کی جانب سے مسلسل نظر انداز کی گئیں۔ کم عمر بچوں اور نوجوانوں کی گرفتاریاں وادی کے لوگوں کے لیے تشدد کا باعث رہی۔ شہریوں پر دوران حراست تشدد کیا گیا، دھمکیوں اور ڈنڈوں، دبا کے ذریعے اکٹھی۔ آن کے حقوق سے دور رکھنے کی ناکام کوششیں کی گئیں، مگر تاریخ گواہ ہے، خوف بھی ظلم کو مٹاتا نہیں ہے، ظالم خود مٹ جاتا ہے۔ غاصب اپنے انجام تک پہنچ کر رہتا ہے۔ بھارت نے کشمیری نوجوانوں کے مستقبل پر گہرے منفی اثرات مرتب کرنے کیلئے دہشت گردی۔ کی انتہا کردی۔ بھارتی فورسز نے دہشت کردی، وادی میں خوف کی علامت بن کر رہ گئی ہے۔ بھارت نے اپنے مذموم مقاصد کے حصول کے لیے خوف و دہشت کی دنیا میں ایک نئی مثال قائم کی۔ قابض بھارتی افواج کی جانب سے محاصر یور تلاشی کشمیریوں کو غلام۔ بنائے رکھنے کی جانب ایک انتہائی خوف ناک اقدام تھا۔ دنیا یہ نہ بھولے کہ مقبوضہ وادی میں امن قائم ہے۔ بھارتی حکومت اور اسکے فوجی۔ مقبوضہ وادی کی توانا۔ آوازوں کو خاموش کروا کر۔ دنیا کو دھوکے میں نہیں رکھ سکتے۔ حراست میں لئے گئے۔ حریت رہنماؤں کو طویل عرصے سے قید میں رکھا گیا ہے۔ آخران رہنماں کے حق میں اٹھنے والی آوازیں کیوں خاموش کروادی گئیں؟ بھارت میں بسنے والے مسلمان مودی حکومت سے شدید نالاں ہیں۔ حریت رہنماں کی گرتی ہوئی صحت کیلئے تمام انسانی حقوق کی تنظیموں۔ کو کردار ادا کرنا چاہیے۔ انسان حقوق کی بین الاقوامی تنظیمیں کشمیری حریت رہنماں اور کارکنوں کے۔ بھارتی عدالتوں میں غیر منصفانہ۔ مقدمات کا نوٹس لیں۔ ان کا ٹرائل حق کی بنیاد پر نہیں کیا جا رہا ہے۔ دنیا کو کشمیریوں پر ہونے والے ظلم کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے اور اس۔ سلسلے میں خاموش تماشائی کا کردار بھی قابل قبول نہیں ہے۔ عالمی۔ برادری کشمیریوں پر ہونے والے۔ مظالم کا نوٹس لے۔ بھارت۔ نہیں چاہتا کے خطے میں امن واستحکام اور تعلقات کی خرابی۔ برقرار رہے۔ ہمیں یاد رکھنا۔ چاہیے کہ پردے کے پیچھے۔ بھارت خاموش نہیں ہے، بلکہ دہشت۔ کارروائیوں کو انجام دینے کے لیے مختلف منصوبوں پر عمل پیرا ہو سکتا ہے، اور مودی حکومت اقتدار کے مزے دوبارہ سمیٹنے کے لیے پاکستان اور اپنے حقوق کی جنگ لڑتے آزاد کشمیر کے رہنے والوں پر بری نظر رکھے بیٹھا ہے۔ اب معاملہ یہ ہے کہ خطے کے امن واستحکام کے لیے ہمیں خارجی طور پر نہیں بلکہ مل بیٹھ کر سر مسائل کے حل کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے کردار ادا کرنا ہوگا۔

اسلامی تیوہار

سب قوموں کے تیوہار ہیں لیکن بالعموم وہ اپنے تیوہار مناتے وقت کھیل تماشے، پینے پلانے اور ناچ گانے وغیرہ میں کھو جاتی ہیں۔ ہم مسلمانوں کے بھی دو تیوہار ہیں۔ عیدالفطر اور عیدالاضحٰی۔ مگر ہم انہیں مناتے وقت اسلام کی بنیادی باتوں تعلق باللہ، باہمی اخوت اور انسانی وقار کو پیش نظر رکھتے ہیں۔ ہم ایسی حرکات سے بچتے ہیں اور انسان کو حیوان کے درجہ پر لے آئیں۔ دونوں عیدوں کا آغاز اللہ تعالیٰ کی جناب میں دو رکعت نماز کا نذرانہ عقیدت پیش کرنے سے ہوتا ہے۔ عیدالفطر میں نماز سے پہلے ناشتہ کرنا مسنون ہے کیونکہ روزوں کے دوران علی الصبح سحری کھانے کی عادت راسخ ہو چکی ہوتی ہے۔ نماز عید سے پہلے فطرانہ ادا کرنا ضروری ہے۔ بچوں کی طرف سے بھی فطرانہ ادا کیا جاتا ہے۔ یہ رقم ضرورت مندوں کو پیش کر دینی چاہئے۔ فطرانہ روزوں کے دوران جو کوتاہیاں ہو جاتی ہیں، ان کا کفارہ بھی ہے۔ ہم بھی عید کے موقع پر خوشی مناتے ہیں۔ اس موقع پر اچھا کھانا، اچھا پہننا مسنون ہے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ زینت یعنی اچھا لباس کس نے محرام کیا ہے؟ یہ تو ہے ہی صاحب ایمان لوگوں کے لئے۔ کفار کو تو ایمان والوں کے طفیل ان چیزوں سے تمتع اندوز ہونے کا موقع مل رہا ہے کیونکہ اس دنیا میں کافر اور مومن ملے جلے ہیں۔ ورنہ آخرت میں جب انہیں جدا جدا کر دیا جائے گا، کفار اچھے لباس اور اچھی خوراک سے محروم ہوں گے۔ قرآن پاک میں یہ بھی ارشاد ہے کہ حلال وطیب کھاؤ۔ البتہ اسراف وتبذیر سے بچنے کا حکم ہے۔ اسراف ضرورت پر ضرورت سے زیادہ خرچ کرنا ہے اور تبذیر بلاضرورت مال اڑانا ہے۔ مبذرین کو شیاطین کے بھائی فرمایا۔ نیز فرمایا کہ شیطان اپنے رب کا ناشکرا ہے۔ اشارہ اس طرف ہے کہ مبذرین جو اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے مال کو اللوں تللوں پر اڑا دیتے ہیں، وہ بھی اللہ تعالیٰ کے ناشکرے ہیں۔ اس موقع پر ہمیں اپنے کشمیری بھائیوں کو بھی یاد رکھنا چاہئے۔ وہ اس وقت آگ اور خون کے طوفان میں سے گزر رہے ہیں۔ ان پر زندگی تنگ کر دی گئی ہے، کمینہ دشمن انہیں بھوکوں مار رہا ہے۔ عورتوں کی بے حرمتی کی جا رہی ہے۔ بچوں کو خوراک سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ دنیا میں انسانی حقوق کے تحفظ کے نام پر جو ادارے قائم ہیں، ان کے کان پر جوں تک نہ رینگتی۔ نہ ریڈ کراس والے وہاں خوراک، لباس اور دوائیاں پہنچانے کا انتظام کر رہے ہیں، نہ ایمنسٹی والے بولتے ہیں۔ مسلمانوں پر ظلم ہو تو ان سب کی انسان دوستی ختم ہو جاتی ہے، ان کی زبانوں کو تالے لگ جاتے ہیں۔ مسلمان کے خلاف انہیں کوئی ذرا سی بات بھی ہاتھ آجائے تو یہ چیخ چیخ کر آسمان سر پر اٹھا لیتے ہیں۔

پانچواں ڈائی مینشن

پہلے کہا جاتا تھا کہ دنیا تین ڈائمینشن طول عرض اور بلندی کی دنیا ہے۔ یعنی جو واقعہ ہوتا ہے اس کے وقوع پذیر ہونے کی جگہ متعین کرنے کیلئے طول، عرض اور بلندی ماپنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ پھر وقت کو چوتھے ڈائمینشن کا درجہ دیا گیا۔ کہا گیا کہ ہر واقعہ صرف کسی جگہ پر ہی زوقوع پذیر نہیں ہوتا بلکہ کسی خاص وقت پر بھی وقوع پذیر ہوتا ہے۔ مگر ایک پانچواں ڈائمینشن بھی ہے جسے سائنس دان نظر انداز کرتے آئے ہیں اور وہ اللہ کی مرضی مبارک ہے۔ اللہ تعالیٰ کی مرضی مبارک کے بغیر کوئی واقعہ نہیں ہو سکتا۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے: ”اور تم نہیں چاہتے مگر یہ کہ اللہ (تعالیٰ) چاہے۔“ سورہ الدھر (سورہ التکویر) ایک امریکی خاتون لکھتی ہیں: ”روزمرہ کے عام ماحول میں ایک روز بالکل غیر متوقع طور پر میری اندر کی آنکھ کھل گئی اور میں نے زندگی میں پہلی بار حقیقت کے کیف اور حسن کا جلوہ دیکھا۔ یہی عام چیزیں تھیں، مگر میں نے انہیں نئے رنگ میں دیکھا جو میں سمجھتی ہوں ان کا حقیقی رنگ ہے۔ میں نے پہلی بار مشاہدہ کیا کہ کائنات بے حد حسین ہے اور اس کا حسن الفاظ سے ماورا ہے۔ مجھے اس لمحہ وہ حسن نظر آ گیا جو ویسے ہر آن یہاں موجود ہے۔“

”ایک ننھی چڑیا چہچہاتی ہوئی پاس کی ٹہنی پر جا بیٹھی۔ اسکی پرواز کا حسن اس قدر کیف آور تھا کہ صرف صبح کے ستاروں کا راگ ہی اس کا کچھ اظہار کر سکتا ہے۔ میں تو اسے بیان کرنے سے قاصر ہوں البتہ میں نے اسے دیکھا ضرور ہے۔“ ”اس روز میں نے زندگی کو اسکے اصلی رنگ میں دیکھا اور مجھے احساس ہوا کہ وہ بے پناہ حسن رکھتی ہے اور اسکی قیمت ناقابل بیان ہے۔ عجیب بات یہ ہے کہ اس حسن و کیف کیساتھ آہنگ کا حیران کن احساس بھی تھا مگر وہ احساس میرے ذہن کی گرفت سے بالا تھا۔ کوئی راگ نہ تھا مگر لے کا عجیب وغریب احساس موجود تھا۔ جیسے تمام موجودات ایک نامعلوم سر تال کیساتھ آگے بڑھ رہی ہو اور اس وسیع کل کے اندر ہر چھوٹی سے چھوٹی شے کی حرکت بھی سر تال کے ساتھ ہو رہی ہو۔ کوئی پرندہ اڑتا تو اس لئے کہ کہیں کوئی ایسا نغمہ اٹھتا جو اسے اڑنے پر ابھارتا۔ یا یوں کہہ لیجئے کہ اس پرواز ہی سے نغمے پھوٹ رہے تھے۔ یا اس عظیم ارادہ (اللہ تعالیٰ کی طرف اشارہ ہے) نے جس کے ہر ارادہ میں آہنگ ہے۔ یہ چاہا کہ وہ پرندہ اڑے۔ اس لمحہ میں نے ان الفاظ کی صداقت کہ زمین پر ایک پتہ بھی اللہ تعالیٰ کے علم اور مرضی کے بغیر نہیں گرتا اپنی آنکھوں سے دیکھی۔“ ”ان سیمابی لمحات میں میں ہر شخص، بلکہ کائنات کی ہر شے سے بے پناہ محبت محسوس کر رہی تھی اگر قدرت حق تعالیٰ کوئی ایسا احساس نہ ہوتو کیا میرے لئے یہ محسوس کرنا ممکن ہے۔

ہمارا نوجوان اضطراب کا شکار کیوں ہے؟

تحریر: ڈاکٹر ناصر خان

میں چائے اور کافی کا شوقین انسان ہوں۔ شام کا وقت ہو، چاہے اسلام آباد کی کسی پُرسکون سڑک پر ڈھلتی ہوئی روشنیوں کے درمیان بیٹھا ہوں یا لاہور کی کسی مصروف شاہراہ پر زندگی کی تیز رفتاری کو دیکھ رہا ہوں، میرا قدم اکثر کسی نہ کسی کیفے یا چائے کے ہوٹل کی طرف بڑھ جاتا ہے۔ میرے لیے چائے یا کافی کی خوشبو میں صرف ذائقہ نہیں بلکہ لوگوں کے احساسات، ان کے رویے اور ان کی زندگیوں کے بے شمار ان کہے قصے بھی شامل ہوتے ہیں۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ایک سماجی سائنس دان کی حیثیت سے میری نظر صرف میز پر رکھے ہوئے کپ پر نہیں ٹھہرتی، بلکہ ان چہروں کو بھی پڑھتی ہے جو میرے اردگرد بیٹھے ہوتے ہیں؛ کسی کی آنکھوں میں چھپی تھکن، کسی کی مسکراہٹ کے پیچھے چھپا درد، کسی کی خاموشی میں پنہاں سوال اور کسی کی گفتگو میں بکھرے خواب۔ شام کی ان مختصر محفلوں میں مجھے محسوس ہوتا ہے کہ ہر انسان اپنے اندر ایک مکمل کتاب لیے پھرتا ہے، بس ضرورت اس بات کی ہے کہ کوئی اسے غور سے پڑھنے والا ہو۔

میں لوگوں کے چہروں کو پڑھنے کی کوشش کرتا ہوں، ان کے رویوں کو سمجھنے کی کوشش کرتا ہوں، ان کی مسکراہٹوں کے پیچھے چھپی کہانیاں تلاش کرتا ہوں اور انکی خاموشیوں میں موجود درد کو محسوس کرنے کی کوشش کرتا ہوں، کیونکہ میرے لیے انسانی رویے محض مشاہدے کی چیز نہیں بلکہ قلم بند کرنے والی حقیقت ہیں۔ لیکن گزشتہ کچھ عرصے سے ایک عجیب تبدیلی محسوس کر رہا ہوں۔ ہماری نوجوان نسل، جو کسی بھی قوم کا سب سے قیمتی سرمایہ ہوتی ہے، مجھے ایک گہری بے چینی، اضطراب اور غیر یقینی کیفیت میں نظر آتی ہے۔ چہروں پر خواب کم اور تھکن زیادہ دکھائی دیتی ہے۔ آنکھوں میں امید کی روشنی کم اور مستقبل کا خوف زیادہ نظر آتا ہے۔

ایک سوال بار بار ذہن میں آتا ہے کہ آخر وہ نسل جس کے ہاتھ میں دنیا بدلنے کی طاقت ہے، وہ اتنی پریشان کیوں ہے؟

کہتے ہیں، "انسان کی اصل حالت اس کے چہرے پر لکھی ہوتی ہے، زبان صرف وہی کہتی ہے جو انسان کہنا چاہتا ہے، مگر آنکھیں وہ بتاتی ہیں جو انسان چھپانا چاہتا ہے۔"

آج کے نوجوان کے چہرے پر ایک عجیب جنگ جاری ہے۔ وہ کامیاب ہونا چاہتا ہے، آگے بڑھنا چاہتا ہے، دنیا حاصل کرنا چاہتا ہے، مگر اسے یہ معلوم نہیں کہ جانا کہاں ہے اور راستہ کون سا اختیار کرنا ہے۔ ہماری نوجوان نسل کا سب سے بڑا مسئلہ صرف وسائل کی کمی نہیں، بلکہ سمت کا فقدان ہے۔ آج کا نوجوان معلومات سے بھری دنیا میں رہتا ہے لیکن حکمت اور مقصد کی تلاش میں بھٹک رہا ہے۔ اس کے ہاتھ میں موبائل فون ہے، دنیا اس کی انگلیوں کے نیچے موجود ہے، لیکن اپنے اندر کی دنیا سے وہ دور ہوتا جا رہا ہے۔

ایک میز پر چار دوست بیٹھے ہوتے ہیں، لیکن چاروں اپنی اپنی اسکرینوں میں گم ہوتے ہیں۔ جسم ایک جگہ موجود ہوتے ہیں مگر ذہن ہزاروں میل دور بھٹک رہے ہوتے ہیں۔ بظاہر یہ لوگ ایک دوسرے کے ساتھ ہوتے ہیں، مگر حقیقت میں ایک دوسرے سے بہت دور ہوتے ہیں۔ موبائل فون بذاتِ خود مسئلہ نہیں ہے۔ ٹیکنالوجی انسانی ترقی کا ایک عظیم ذریعہ ہے، لیکن جب ایک آلہ انسان کا مالک بن جائے تو مسئلہ پیدا ہوتا ہے۔ جب انسان اپنی خوشی، اپنی قدر اور اپنی شناخت دوسروں کی پسندیدگی، لائکس اور تبصروں سے ناپنے لگے تو اندر ایک خلا پیدا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

میرا یہ ماننا ہے کہ ''جو شخص اپنی قیمت دوسروں کی نظروں میں تلاش کرتا ہے، وہ ہمیشہ خود کو کمتر محسوس کرتا ہے۔"

آج کے نوجوان کا ایک بڑا مسئلہ مسلسل مقابلہ ہے۔ وہ ہر وقت کسی نہ کسی سے اپنا موازنہ کر رہا ہے۔ سوشل میڈیا پر کسی کی مہنگی گاڑی نظر آتی ہے، کسی کا شاندار گھر، کسی کی بیرون ملک زندگی، کسی کی کامیابی کی کہانی۔ لیکن وہ یہ نہیں دیکھتا کہ ہر چمکتی ہوئی تصویر کے پیچھے کتنی مشکلات، کتنی قربانیاں اور کتنی حقیقتیں چھپی ہوتی ہیں۔ نفسیات کا اصول ہے کہ انسان جب اپنی مکمل حقیقت کا مقابلہ دوسروں کی منتخب شدہ خوبصورت تصویروں سے کرتا ہے تو مایوسی پیدا ہوتی ہے۔

آج کا نوجوان دولت چاہتا ہے، آسائش چاہتا ہے، بہترین زندگی چاہتا ہے، اور یہ خواہش غلط نہیں۔ ترقی کی خواہش انسان کی فطرت میں شامل ہے۔ مسئلہ خواہش میں نہیں بلکہ اس سوچ میں ہے کہ دولت ہی زندگی کی مکمل کامیابی ہے۔ ہم نے کامیابی کو صرف بڑے گھر، مہنگی گاڑی، برانڈڈ کپڑوں اور ظاہری شان و شوکت سے جوڑ دیا ہے۔ ہم نے نوجوان کو یہ تو سکھایا کہ زیادہ کماؤ، لیکن یہ نہیں سکھایا کہ زیادہ جیو کیسے۔ ہم نے اسے مقابلہ کرنا سکھایا، مگر مطمئن رہنا نہیں سکھایا۔

اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہماری نوجوان نسل کے پاس خواب تو ہیں، مگر خوابوں تک پہنچنے کا واضح راستہ نہیں۔ وہ کامیابی چاہتے ہیں لیکن کامیابی کی تعریف واضح نہیں۔ وہ دولت چاہتے ہیں لیکن یہ نہیں جانتے کہ دولت کس مقصد کے لیے چاہیے۔ وہ دوسروں سے آگے نکلنا چاہتے ہیں لیکن یہ نہیں جانتے کہ اپنی ذات میں بہتر کیسے بننا ہے۔ زندگی صرف منزل کا نام نہیں بلکہ سفر کا نام بھی ہے۔ لیکن ہم نے نوجوانوں کو صرف منزل کی دوڑ میں لگا دیا ہے۔ انہیں یہ نہیں بتایا کہ راستے کے تجربات، ناکامیاں، مشکلات اور سیکھنے کے مراحل بھی زندگی کا حصہ ہیں۔ ایک حقیقت یہ ہے کہ "ناکامی وہ دیوار نہیں جو راستہ روکتی ہے، بلکہ وہ سیڑھی ہے جو انسان کو اوپر اٹھاتی ہے۔" ہمیں اپنے نوجوانوں کو یہ سمجھانے کی ضرورت ہے کہ ہر شخص کا سفر مختلف ہوتا ہے۔ کسی کی کامیابی بیس سال کی عمر میں آتی ہے، کسی کی چالیس سال میں۔ زندگی کوئی ریس نہیں جس میں سب کو ایک ہی وقت میں منزل تک پہنچنا ہو۔

نوجوانوں کی مایوسی کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ ہم نے انہیں جذباتی مضبوطی نہیں سکھائی۔ ہم نے انہیں کامیابی کے قصے سنائے، لیکن جدوجہد کے مراحل نہیں بتائے۔ ہم نے انہیں کامیاب لوگوں کی منزل دکھائی، مگر ان کے راستے کے کانٹے چھپا دیے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ نوجوانوں کو صرف ڈگریاں نہیں بلکہ زندگی کی سمجھ دی جائے۔ انہیں صرف ملازمت کیلئے تیار نہ کیا جائے بلکہ مسائل کا سامنا کرنے کیلئے تیار کیا جائے۔

حل کیا ہے؟

نوجوانوں کی اس بے چینی اور مایوسی کا حل سب سے پہلے خود ان کے اندر سے شروع ہوتا ہے۔ انہیں اپنے آپ سے دوبارہ تعلق قائم کرنا ہوگا، کچھ وقت خاموشی میں گزارنا ہوگا، کتابوں، غور و فکر، قدرت، خاندان اور حقیقی انسانی تعلقات کی طرف واپس آنا ہوگا، کیونکہ ہر وقت شور اور مصروفیت میں گھرا رہنے والا انسان آہستہ آہستہ اپنی اندرونی آواز سننا بھول جاتا ہے۔ اس کے بعد سب سے اہم ضرورت زندگی کے مقصد کو واضح کرنا ہے۔ نوجوانوں کو خود سے یہ سوال کرنا ہوگا کہ وہ حقیقت میں کیا حاصل کرنا چاہتے ہیں؟۔

پاکستان میں ڈیجیٹل تبدیلی اور گوگل کیساتھ نئی شراکت داری

تحریر: محمود خان

پاکستان تیزی سے بدلتی ہوئی عالمی ٹیکنالوجی کے دور میں داخل ہو رہا ہے، جہاں ڈیجیٹل معیشت، مصنوعی ذہانت، جدید ٹیکنالوجی اور ہنر مند انسانی وسائل کسی بھی ملک کی ترقی کے بنیادی ستون بن چکے ہیں۔ اسی تناظر میں حکومت پاکستان اور عالمی ٹیکنالوجی کمپنی گوگل کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط ایک اہم پیش رفت قرار دیئے جا سکتے ہیں۔ اس شراکت داری کا بنیادی مقصد پاکستان میں ڈیجیٹل تبدیلی کے عمل کو تیز کرنا، نوجوانوں کو جدید ڈیجیٹل مہارتوں سے آراستہ کرنا، مصنوعی ذہانت کے استعمال کو فروغ دینا اور ملک کی آئی ٹی برآمدات و ڈیجیٹل معیشت کو وسعت دینا ہے۔ حکومت پاکستان کے مطابق اس تعاون کے ذریعے پاکستان کی آئی ٹی برآمدات اور مجموعی ڈیجیٹل معیشت کو 2030ء تک 30 ارب ڈالر تک پہنچانے کے ہدف کے حصول میں مدد ملے گی۔ یہ ہدف بلاشبہ بڑا اور چیلنجنگ ہے، تاہم پاکستان کی نوجوان آبادی، ٹیکنالوجی سے بڑھتی ہوئی وابستگی اور عالمی سطح پر پاکستانی آئی ٹی ماہرین کی صلاحیتوں کو دیکھتے ہوئے اس مقصد کیلئے وسیع امکانات موجود ہیں۔ اس حوالے سے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے گوگل کی اعلیٰ قیادت کے وفد کے اعزاز میں خصوصی استقبالیہ دیا اور مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب میں وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، گوگل کے نائب صدر برائے حکومتی امور و پبلک پالیسی ولسن وائٹ، امریکی ناظم الامور نٹالی اے بیکر اور دیگر اعلیٰ حکام بھی شریک ہوئے۔ اس موقع پر وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان اور گوگل کی شراکتداری کے حوالے سے یہ ایک اہم دن ہے، جدید ذرائع، ٹیکنالوجی اور نئی مہارتوں کے ذریعے نوجوانوں کو بااختیار بنایا جائیگا۔ وزیراعظم نے اس امر پر بھی زور دیا کہ پاکستان اس وقت گورننس سمیت مختلف شعبوں میں بڑی ڈیجیٹل تبدیلی کے مرحلے سے گزر رہا ہے اور ملک کی نوجوان آبادی پاکستان کی تقدیر بدلنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ حکومت اور گوگل کے درمیان ہونے والے معاہدے کا ایک اہم پہلو نوجوانوں کی تربیت ہے۔ ایم او یو کے تحت گوگل 2026ء میں پاکستانی نوجوانوں کو ایک لاکھ 50 ہزار گوگل کیریئر سرٹیفکیٹس فراہم کرے گا۔ ان سرٹیفکیٹس کے ذریعے نوجوانوں کو مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق جدید اور زیادہ طلب رکھنے والی تکنیکی مہارتیں حاصل کرنیکا موقع ملے گا۔ اس اقدام سے نوجوانوں کیلئے روزگار اور آن لائن کام کے نئے مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے۔ موجودہ دور میں مصنوعی ذہانت دنیا کے تقریباً ہر شعبے کو متاثر کر رہی ہے۔ تعلیم، صحت، زراعت، صنعت، تجارت، بینکاری اور سرکاری امور سمیت مختلف شعبوں میں اے آئی کا استعمال تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ پاکستان بھی اس عالمی تبدیلی سے فائدہ اٹھانے کے لیے مصنوعی ذہانت کو اپنی ترقیاتی حکمت عملی کا حصہ بنا رہا ہے۔ گوگل کی جانب سے پاکستانی طلباء کو جدید اے آئی ٹولز فراہم کرنے کے امکانات کا جائزہ لینا اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے۔ طلباء کو گوگل اے آئی پلس اور جیمینائی نوٹ بک تک ایک سال کی مفت رسائی کی سہولت فراہم کرنے سے تعلیم اور تحقیق کے میدان میں نئی راہیں کھل سکتی ہیں۔ اس شراکت داری کا ایک اہم منصوبہ اسلام آباد میں خصوصی اے آئی سینٹر آف ایکسی لینس کا قیام بھی ہے۔ اس مرکز میں پاکستانی نوجوانوں اور انسانی وسائل کو عالمی ٹیکنالوجی مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق تربیت دی جائے گی، اگر اس منصوبے کو موثر انداز میں عملی شکل دی گئی تو پاکستان کے نوجوان عالمی ڈیجیٹل مارکیٹ میں بہتر انداز سے اپنی خدمات پیش کر سکیں گے اور ملک کے لیے قیمتی زرمبادلہ کمانے کا ذریعہ بن سکتے ہیں۔ ڈیجیٹل تبدیلی صرف نوجوانوں کی تربیت تک محدود نہیں رہے گی بلکہ سرکاری اداروں کے کام کرنے کے طریقہ کار کو بھی جدید بنانے میں مدد دیگی۔ نوجوانوں کیلئے موبائل ایپلی کیشنز، گیمز، سافٹ ویئر اور دیگر ڈیجیٹل مصنوعات تیار کر کے عالمی مارکیٹ میں جگہ بنانے کے مواقع پیدا ہونگے۔ ڈیجیٹل معیشت کی ترقی کیلئے مضبوط ڈیجیٹل ادائیگیوں کا نظام بھی ضروری ہے۔ حکومت اور گوگل کے درمیان تعاون کے تحت ڈیجیٹل پیمنٹس ایکو سسٹم کو مضبوط بنانے اور ڈیجیٹل تجارت کو فروغ دینے کے طریقوں کا جائزہ لیا جائے گا۔ اگر پاکستان میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کا نظام مزید آسان، محفوظ اور قابل اعتماد بنایا جائے تو کاروباری سرگرمیوں میں تیزی اور غیر رسمی معیشت کو دستاویزی شکل دینے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔ اس شراکت داری کا ایک اور اہم پہلو حکومت، گوگل اور صنعتی اداروں کے نمائندوں پر مشتمل مشترکہ ٹاسک فورس کا قیام ہے۔ یہ ٹاسک فورس آئی ٹی برآمدات میں اضافے کی راہ میں حائل رکاوٹوں اور نئے مواقع کی نشاندہی کریگی۔ اس کے علاوہ ہارڈ ویئر مینوفیکچرنگ، آئی ٹی سروسز، سرمایہ کاری کے فریم ورک، عالمی منڈیوں تک رسائی اور انسانی وسائل کی اپ سکلنگ جیسے اہم معاملات پر بھی کام کیا جائے گا۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کے پاس ایک بڑی نوجوان آبادی موجود ہے، جو اگر جدید تعلیم، معیاری تربیت اور روزگار کے مناسب مواقع سے فائدہ اٹھائے تو ملکی معیشت کو نئی سمت دے سکتی ہے۔ تاہم ڈیجیٹل تبدیلی کے اہداف کے حصول کیلئے صرف معاہدوں اور اعلانات کافی نہیں ہونگے۔ ضروری ہے کہ ان منصوبوں پر شفاف، مسلسل اور موثر انداز میں عمل درآمد کیا جائے، تربیتی پروگراموں کا دائرہ ملک کے دور دراز علاقوں تک بڑھایا جائے اور خواتین و نوجوانوں سمیت معاشرے کے مختلف طبقات کو ڈیجیٹل مواقع تک مساوی رسائی دی جائے۔ پاکستان اور گوگل کے درمیان ہونے والی یہ شراکت داری دراصل ملک کو روایتی معیشت سے ڈیجیٹل معیشت کی طرف منتقل کرنے کی ایک اہم کوشش ہے، اگر حکومت، نجی شعبہ، تعلیمی ادارے اور عالمی ٹیکنالوجی کمپنیاں مشترکہ طور پر کام کریں تو پاکستان نہ صرف اپنی آئی ٹی برآمدات میں نمایاں اضافہ کر سکتا ہے بلکہ عالمی ڈیجیٹل مارکیٹ میں ایک مضبوط مقام بھی حاصل کر سکتا ہے۔

میڈیا کا افق، مسلم دنیا کا جمود اور کشمیری بیانیہ

تحریر: عریبہ عظیم

تاریخ کے سائے میں کچھ چیخیں ایسی ہوتی ہیں جو فضا میں گونج کر ختم نہیں ہوتیں، بلکہ وہ وقت کی دیواروں سے ٹکرا کر صدیوں کا نوحہ بن جاتی ہیں۔ ہم اکیسویں صدی کے اس چکا چوند دور میں سانس لے رہے ہیں جہاں معلومات کی فراوانی کا دعویٰ کیا جاتا ہے، جہاں سرحدیں ڈیجیٹل اسکرینوں کے ایک لمس سے ختم ہو جاتی ہیں، اور جہاں دنیا کے ایک کونے میں پیش آنے والا واقعہ چند سیکنڈز میں کروڑوں انسانوں کی نظروں سے گزر جاتا ہے۔ لیکن اس تمام تر تکنیکی پیش رفت، ابلاغی انقلاب اور الگورتھم کی کرشمہ سازی کے باوجود، ایک سوال انسانی ضمائر پر کوڑے برسا رہا ہے: کیا مواصلات کے اس سمندر میں مظلوم کی سچائی واقعی ساحلِ مراد تک پہنچ پا رہی ہے؟ یا پھر عالمی سیاست، معاشی مفادات اور سفارتی مجبوریوں نے حق کی آواز کو اس قدر بوجھل کر دیا ہے کہ سچائی اپنے ہی وجود کی صفائیاں دیتے دیتے دم توڑ رہی ہے؟ جب ہم جغرافیائی اور سیاسی نقشوں سے ہٹ کر تاریخ کی کربناک گہرائیوں میں اترتے ہیں، تو وادیِ کشمیر محض ایک زمین کا ٹکڑا یا برف پوش پہاڑوں اور بہتے آبشاروں کا خطہ نظر نہیں آتی، بلکہ وہ مظلومیت، صبر اور استقامت کا ایک ایسا باب بن کر سامنے آتی ہے جسے خونِ جگر سے لکھا گیا ہے۔ 5 اگست 2019ء کو بھارتی حکومت کی جانب سے آئین کے آرٹیکل 370 اور 35A کی منسوخی کے بعد وادی کی جو ہیئت تبدیل کی گئی، اس نے اس المیے کو مزید سنگین بنا دیا ہے۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا اس عالمی اور علاقائی ابلاغی افق پر کشمیریوں کی اصل آواز ابھر سکی؟ یا پھر عالمی برادری، پاکستان اور مسلم دنیا کا بیانیہ محض نعروں اور بیانات تک محدود رہا؟ خبروں کی عالمی منڈی میں انسان کی قیمت اس کے جغرافیے، معاشی وزن اور جیو پولیٹیکل مفادات کے حساب سے طے کی جاتی ہے۔ مغربی میڈیا، خواہ وہ بی بی سی ہو، سی این این ہو، واشنگٹن پوسٹ ہو یا نیویارک ٹائمز کے معتبر ایوانوں پر جب ہم نظر ڈالتے ہیں، تو وہاں انسانی حقوق کی پامالی پر دہری منطق اور واضح تضاد کا راج دکھائی دیتا ہے۔ جب یورپ یا دنیا کے دیگر پسندیدہ خطوں میں کوئی سیاسی یا ملٹری کشمکش پیدا ہوتی ہے، تو راتوں رات بین الاقوامی صحافت کا محور انسانی آزادی، شہری حقوق اور جمہوری قدریں بن جاتی ہیں۔ رپورٹرز کی فوجیں تندہی سے مظلومین کے حقوق کا دفاع کرتی دکھائی دیتی ہیں۔ لیکن جب بات وادی کشمیر کی آتی ہے جہاں مسلسل کئی دہائیوں سے لاکھوں نفوس بنیادی انسانی حقوق سے محروم رکھے گئے ہیں—تو صحافتی الفاظ کی ساخت اچانک بدل جاتی ہے۔ عالمی میڈیا کشمیریوں کی جائز، قانونی اور اقوامِ متحدہ کے چارٹر کے مطابق جدوجہدِ آزادی کو اکثر "سیکیورٹی کا مسئلہ"، "سرحدی کشیدگی" یا "دو جوہری طاقتوں کا دوطرفہ نزاع" قرار دے کر سچائی پر پردہ ڈال دیتا ہے۔ وہ اس بنیادی حقیقت کو نظر انداز کر دیتے ہیں کہ یہ لڑائی صرف دو ملکوں کے درمیان زمین کے ٹکڑے کا تنازع نہیں ہے، بلکہ یہ اٹھارویں اور انیسویں صدی کے بعد باقی رہ جانیوالے ایک ایسے انسانی المیے کی داستان ہے، جس میں اکیسویں صدی کا انسان اپنے بنیادی حق، یعنی "حقِ خودارادیت" کی بھیک مانگ رہا ہے۔ دوسری جانب بھارتی میڈیائی مشینری نے ایک منظم اور خطرناک "انفارمیشن وارفیئر" قائم کر رکھی ہے، جس کا مقصد کشمیریوں کی آواز کو عالمی دنیا تک پہنچنے سے پہلے ہی مسخ کرنا ہے۔ سچائی کو جھوٹ کے پردوں میں چھپانا، کشمیری نوجوانوں کو اپنے ہی گھر میں بیگانگی کے احساس سے دوچار کرنا، اور ان کی معصوم آوازوں کو 'انتہا پسندی' اور 'دہشت گردی' کے رنگ میں رنگ کر دنیا کے سامنے پیش کرنا بھارتی زرخرید میڈیا کا روزمرہ کا شیوہ بن چکا ہے۔ اس منظم ابلاغی زہر کا سب سے بڑا ثبوت یورپی یونین کی تحلیلی لیب EU DisinfoLab کی انکشافاتی رپورٹ "Indian Chronicles" کی صورت میں دنیا کے سامنے آیا۔ اس تحقیقی رپورٹ نے ثابت کیا کہ کس طرح 15 سال سے زائد عرصے تک 750 سے زائد جعلی میڈیا اوٹ لیٹس، فرضی خبر رساں اداروں اور مردہ این جی اوز کا ایک عالمی نیٹ ورک چلایا گیا۔ اس نیٹ ورک کا واحد مقصد اقوامِ متحدہ اور یورپی ایوانوں میں پاکستان کو بدنام کرنا اور کشمیر کے اصل بیانیے کو دبا کر ایک مصنوعی سچائی گھڑنا تھا۔ جب غاصب قوتیں وادی میں مسلسل مواصلاتی بلیک آؤٹ نافذ کرتی ہیں، انٹرنیٹ پر پابندیاں عائد کرتی ہیں اور مقامی صحافیوں پر تازیانے برسا کر انہیں جیلوں میں ڈالتی ہیں، تو اس کا صاف اور واضح مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہ ہتھیاروں سے زیادہ سچ کی ایک باریک دھار سے خوفزدہ ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ اگر وادی کا اصل احوال بغیر کسی فلٹر کے دنیا کے سامنے آ گیا، تو ان کا بنایا ہوا جھوٹ کا محل ریت کے ذرے کی طرح بیٹھ جائے گا۔ اگر ہم بطور پاکستانی اپنے ریاستی اور صحافتی کردار کا غیر جانبدارانہ اور تنقیدی جائزہ لیں، تو یہ تلخ حقیقت اعتراف کرنی پڑے گی کہ ہماری پالیسی میں تسلسل، معروضی حکمتِ عملی اور جدید صحافتی بصیرت کا شدید فقدان رہا ہے۔ پاکستان نے اقوامِ متحدہ کے فورمز پر ہمیشہ کشمیریوں کے حقِ خودارادیت کا مقدمہ لڑا ہے، لیکن ہماری میڈیائی اور سفارتی پالیسی زیادہ تر "تقریبی اور ردِعمل" نوعیت کی رہی ہے۔ ہم ہر سال 5 فروری کو "یومِ یکجہتی کشمیر" منا کر چند سرکاری نغمے اور ترانے چلا کر، اور شاہراہوں پر ریلیاں نکال کر یہ سمجھ لیتے ہیں کہ ہم نے اپنا اخلاقی اور قومی فرض پورا کر دیا۔

درد جب حد سے گزرتا ہے تو

تحریر: رائے غلام رسول

کبھی کسی کسان کے دھوپ سے جھلسے ہوئے چہرے پر برسوں کی محنت کا نوحہ پڑھیے، کسی مزدور کے پھٹے ہوئے ہاتھوں کو غور سے دیکھیے، کسی بیوہ ماں کی خاموش آنکھوں میں اترتی ہوئی تنہائی کو محسوس کیجیے، کسی یتیم بچے کی ادھوری خواہشوں کی چاپ سنیے، کسی بے روزگار نوجوان کے چہرے پر جمی ہوئی بے بسی کو پڑھیے، کسی طالب علم کو ڈگری ہاتھ میں لیے مستقبل کے بند دروازوں پر دستک دیتے دیکھیے، کسی سرکاری ملازم کو مہنگائی کے سامنے اپنی تنخواہ کی بے وقعتی پر کڑھتے دیکھیے، کسی نجی ملازم کو ملازمت کے عدم تحفظ میں ہر روز جیتے اور مرتے دیکھیے، کسی ریٹائرڈ بزرگ کو عمر بھر کی جمع پونجی کو مہنگائی کی نذر ہوتے دیکھیے، کسی بیمار باپ کو دوا اور بچوں کی فیس کے درمیان فیصلہ کرتے دیکھیے، کسی ماں کو خالی برتنوں کے درمیان بچوں کو تسلی دیتے دیکھیے، کسی بہن کو جہیز کی رسموں کے بوجھ تلے اپنی جوانی سمٹتے دیکھیے، کسی بیٹی کو تعلیم، عزت اور محفوظ مستقبل کے خواب آنکھوں میں سجائے فکر مند دیکھیے، کسی چھوٹے دکاندار کو گاہکوں کے انتظار میں ویران دکان کے دروازے پر نظریں جمائے دیکھیے، کسی صنعت کار کو بڑھتی لاگت اور گھٹتے کاروبار کی فکر میں گھلتے دیکھیے، کسی مریض کو ہسپتال کے برآمدے میں علاج کا منتظر دیکھیے، کسی پنشنر کو اپنی بنیادی ضروریات پوری کرنے کے لیے حساب لگاتے دیکھیے، کسی معذور شخص کو سہولتوں سے محروم زندگی کا بوجھ اٹھاتے دیکھیے، اور پھر اپنے دل سے پوچھیے کہ آخر اس ملک کا عام آدمی کس جرم کی سزا کاٹ رہا ہے؟ اگر اس کے بعد بھی دل میں درد کی ایک لہر نہ اٹھے تو شاید ہم نے صرف انسانوں کو نہیں، انسانیت کو بھی محسوس کرنا چھوڑ دیا ہے۔ پاکستان کا عام شہری آج صرف مہنگائی، بے روزگاری اور غیر یقینی حالات سے نہیں لڑ رہا، بلکہ اسے یہ احساس بھی ستا رہا ہے کہ ریاست کے ہر ستون سے اس کی توقعات بڑھتی ہیں، مگر اس کی مشکلات کم ہونے کے بجائے بڑھتی چلی جا رہی ہیں۔

آج پاکستان کا عام آدمی جب صبح اپنے گھر سے نکلتا ہے تو اس کے ذہن میں خوابوں سے زیادہ خدشات ہوتے ہیں۔ اسے معلوم نہیں ہوتا کہ شام تک آٹے، چینی، گھی، بجلی، گیس یا پٹرول کی قیمت کہاں پہنچ جائے گی۔ اسے یہ فکر کھائے جاتی ہے کہ اگر وہ بیمار ہو گیا تو علاج کہاں سے کرائے گا، اگر اس کا بچہ اعلیٰ تعلیم حاصل بھی کر لے تو کیا اسے روزگار ملے گا، اور اگر انصاف کے لیے کسی دروازے پر دستک دے تو کتنے برس اس کی زندگی انتظار کی نذر ہو جائیں گے۔

یہ ملک وسائل سے محروم نہیں، صلاحیتوں سے خالی نہیں، قربانی دینے والے عوام سے بھی تہی دامن نہیں۔ اس سرزمین نے جنگیں بھی دیکھی ہیں، قدرتی آفات بھی برداشت کی ہیں، دہشت گردی کا مقابلہ بھی کیا ہے، اور ہر بحران میں اپنے اداروں کے ساتھ کھڑی بھی رہی ہے۔ مگر آج یہی عوام یہ سوال پوچھنے پر مجبور ہیں کہ ان کی مسلسل قربانیوں کا صلہ آخر کب ملے گا؟

ریاست کا ہر ادارہ اپنی اہمیت رکھتا ہے۔ پارلیمان قانون سازی کے لیے، حکومت انتظام و انصرام کے لیے، عدلیہ انصاف کی فراہمی کے لیے، مسلح افواج قومی سلامتی کے لیے، پولیس شہریوں کے تحفظ کے لیے، سول بیوروکریسی عوامی خدمت کیلئے اور احتسابی ادارے شفافیت کے لیے وجود رکھتے ہیں۔ جب ان میں سے کسی ایک کی کارکردگی کمزور پڑتی ہے تو اس کا اثر پورے نظام پر پڑتا ہے، اور جب متعدد شعبوں میں کمزوریاں جمع ہونے لگیں تو سب سے زیادہ تکلیف عام شہری کو اٹھانی پڑتی ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ ریاست کے تمام ادارے پارلیمان، حکومت، عدلیہ، مسلح افواج، پولیس، سول بیوروکریسی، احتسابی ادارے، مقامی حکومتیں اور دیگر قومی ادارے، آئین کے مطابق ملک کی خدمت اور عوام کے تحفظ کے لیے قائم کیے گئے ہیں۔ جب یہ ادارے مؤثر، شفاف اور اپنی آئینی حدود میں کام کرتے ہیں تو عوام کا اعتماد مضبوط ہوتا ہے۔ لیکن جب سیاسی کشمکش، انتظامی کمزوریاں، بدعنوانی، تاخیر، ناقص حکمرانی یا اختیارات کے استعمال پر سوالات جنم لیتے ہیں تو اس کا سب سے بڑا بوجھ عام شہری کے کندھوں پر آ پڑتا ہے۔ آج سوال یہ نہیں کہ قصور کس ایک ادارے کا ہے؛ اصل سوال یہ ہے کہ کیا ہر ادارہ اپنی آئینی ذمہ داری پوری دیانت، شفافیت اور جواب دہی کے ساتھ ادا کر رہا ہے؟ اگر جواب مکمل اطمینان بخش نہیں، تو پھر اصلاح کی ضرورت بھی سب کو ہے۔ عوام کو نہ اداروں کی باہمی کشمکش سے غرض ہے، نہ سیاسی نعروں سے؛ انہیں صرف امن، انصاف، روزگار، تعلیم، علاج اور باوقار زندگی چاہیے۔ ریاست کی اصل طاقت اس کے ادارے ضرور ہوتے ہیں، مگر ریاست کی اصل روح اس کے عوام ہوتے ہیں۔ اگر عوام ہی مایوسی، اضطراب اور معاشی دباؤ کا شکار ہوں تو ترقی کے تمام دعوے ادھورے رہ جاتے ہیں۔ اس لیے وقت کا تقاضا ہے کہ تمام ادارے آئین کی روح، قانون کی حکمرانی اور باہمی تعاون کیساتھ عوامی فلاح کو اپنی اولین ترجیح بنائیں۔

CAA
پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی
پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی
اطلاع عام
بغیر پائلٹ فضائی طیارے کی رجسٹریشن

پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی (پی سی اے اے) کی جانب سے عوام الناس اور تمام متعلقہ افراد کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بغیر پائلٹ فضائی طیاروں کی آن لائن رجسٹریشن کا پورٹل اب فعال کر دیا گیا ہے۔

مندرجہ ذیل زمروں کے لیے رجسٹریشن کھلی ہے:

- بغیر پائلٹ فضائی طیارہ
- بغیر پائلٹ فضائی طیارہ کے مالکان اور آپریٹرز / چلانے والے
- بغیر پائلٹ فضائی طیارہ کے درآمد کنندگان اور برآمد کنندگان
- بغیر پائلٹ فضائی طیارہ کی ڈیزائن سازی اور پیداوار کرنے والے ادارے

تمام متعلقہ افراد اور اداروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ پی سی اے اے پورٹل کے ذریعے لاگو ہونے والے رجسٹریشن کے تقاضے جلد از جلد مکمل کریں۔

آن لائن رجسٹریشن پورٹل
https://transapps.pcca.gov.pk:2060/
کسی بھی قسم کی معلومات یا تکنیکی معاونت کے لیے رابطہ کریں:
uav@pcaa.gov.pk
مفاد عامہ میں جاری کردہ
پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی
www.pcaa.gov.pk
PID K.1678/26

بقیہ جات

بقیہ 01

اوممالک کو مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی، پاکستان خطے کے تمام ممالک کیساتھ ثقافتی روابط، تاریخی تعاون اورعوامی سطح پر تبادلوں کوفروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔ گزشتہ روز یہاں ایس سی او کے سولائزیشنل ڈائیلاگ فورم سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنی تاریخ، تہذیب اورثقافت کےحوالے سے ایک منفرد مقام رکھتا ہے جہاں وادی سندھ اورگندھارا کی تہذیب سے لےکر وسطی ایشیا، افغانستان، ایران اورمشرق وسطی کیتاریخی وثقافتی اثرات نمایاں ہیں، پاکستان کی سرزمین مختلف تہذیبوں، تحریکوں، روایات، شاعری اور مذہبی ورثے کا امتزاج ہے۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ پاکستان کی تہذیبی شناخت کسی ایک خطے یا ثقافت تک محدود نہیں بلکہ یہ وادی سندھ، گندھارا، وسطی ایشیا، ایران اور عرب دنیا سمیت مختلف تہذیبوں کے تاریخی میل جول سے تشکیل پائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سرزمین پر موجود تاریخی آثار، قدیم علمی مراکز، مذہبی روایات، شاعری اور ثقافتی ورثہ اس خطے کی مشترکہ تاریخ کی عکاسی کرتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے اپنے خطاب میں علامہ محمد اقبال اور مولانا جلال الدین رومی کے فکری وروحانی تعلق کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اقبال نے اپنے تصوراتی سفر میں مولانا رومی کو اپنا رہنما بنایا، حالانکہ دونوں کیدرمیان تقریباً600 سال کا زمانی فاصلہ تھا۔

بقیہ 02

والے شہریوں کے مسائل سنے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے سنٹر میں تقریباً دو گھنٹے گزارے اور شہریوں کی شکایات اور مسائل کے حل کے لیے موقع پر ہی احکامات جاری کیے، انہوں نے بزرگ خواتین کے شناختی کارڈز سے متعلق مسائل فوری حل کرنیکی ہدایت بھی کی۔ محسن نقوی نے بعض شہریوں کی دستاویزات کی تیاری کا عمل اپنے سامنے مکمل کرایا۔ اس موقع پر سنٹر میں موجود مرد وخواتین نے نادرا کے طریقہ کار پر اطمینان کا اظہار کیا۔ شہریوں نے کہا کہ انہیں10 سے15 منٹ میں باری مل گئی اور انتظار نہیں کرنا پڑا، جبکہ دو سال قبل انہیں دو دو گھنٹے انتظار کرنا پڑتا تھا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے رش کے باوجود شہریوں کے لیے نادرا سنٹر میں کیے گئے اچھے انتظامات کو سراہا اور سنٹر کی انچارج سمیت عملے کو شاباش دی۔ محسن نقوی نے ہدایت کی کہ شہریوں کی ہر موقع پر مکمل رہنمائی کی جائے تا کہ انہیں بار بار سنٹر آنے کی زحمت نہ اٹھانا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ نادرا سنٹر پیکو روڈ پر شہریوں کا فیڈ بیک بہت مثبت تھا، عوام کو تیز رفتار اور بہترین خدمات کی فراہمی ہمارا مشن ہے۔

بقیہ 03

۔ اتوار کو جاری اعلامیہ کے مطابق پاکستان تحریک انصاف کے خیبر پختونخوا سے منتخب اراکین قومی اسمبلی کا اہم اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا، جس میں سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر سمیت اراکین قومی اسمبلی عاطف خان، سلیم الرحمان، صاحبزادہ صبغت اللہ، محبوب شاہ، شہرام خان ترکئی، شہزادہ گستاسپ، محمد نواز خان، آصف خان، علی اصغر خان، ارباب شیر علی، سہیل سلطان، علی خان جدون، ساجد مہمند، شاہ احد، اور بشیر خان نے شرکت کی۔ اجلاس میں بانی چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی صحت اور جیل میں ان کے ساتھ روا رکھے جانے والے سلوک، پارٹی رہنماؤں اور کارکنان کی گرفتاریوں، خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال، گورنر راج کے خدشات، صوبے کے مالی وآئینی حقوق اور ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ پارٹی کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق اجلاس میں مطالبہ کیا گیا کہ بانی چیئرمین عمران خان کو جیل مینوئل اور سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق تمام قانونی سہولیات فراہم کی جائیں۔

بقیہ 04

تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران رانا مشہود احمد خان نے وزیراعظم کو یوتھ بزنس اینڈ ایگریکلچر لون سکیم کے حوالے سے جامع بریفنگ دی اور اس منصوبے کے تحت نوجوانوں کو کاروباری سرگرمیوں اور زرعی شعبے میں آگے بڑھنے کے لیے مالی معاونت فراہم کرنے سے متعلق اقدامات سے آگاہ کیا۔ چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام نے بتایا کہ نوجوانوں کو جدید مہارتوں سے آراستہ کرنے اور انکے لیے باعزت روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے مختلف اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کے وژن کے مطابق نوجوانوں کی ترقی، انہیں بااختیار بنانے اور ہرممکن سہولیات کی فراہمی کے لیے دن رات کام کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایت کی کہ یوتھ بزنس اینڈ ایگریکلچر لون سکیم کے تحت نوجوانوں کو کاروباری اور زرعی قرضوں کی فراہمی کے عمل میں مزید تیزی لائی جائے تا کہ نوجوان اپنے کاروبار شروع کرنے اور زرعی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے دستیاب مالی سہولتوں سے بروقت مستفید ہوسکیں۔

بقیہ 05

خطے میں امن اور مذاکرات کے ذریعے تنازعات کا حل چاہتا ہے۔ ایران جنگ کے معاشی اثرات پوری دنیا کو برداشت کرنا پڑ رہے ہیں۔ امریکہ ایران مذاکرات کی کامیابی عالمی معیشت کے مفاد میں ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ افغانستان سے امریکی انخلا کے بعد جدید اسلحہ دہشت گردوں کے ہاتھ لگا۔ افغانستان میں دہشت گرد گروہوں کی موجودگی پاکستان کے لیے بڑا سکیورٹی چیلنج ہے۔ پاکستان امریکہ اور چین کے درمیان پل کا کردار ادا کرتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عالمی طاقتوں کے درمیان محاذ آرائی کے بجائے تعاون کا حامی ہے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی تعاون علاقائی استحکام کے لیے اہم ہے۔

بقیہ 06

کر رہے تھے۔ دہشتگردوں کے قبضے سے 02 کلاشنکوف، 01 پستول، 03 ہینڈ گرنیڈ، 05 میگزین اور قومی شناختی کارڈز برآمد کئے گئے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی نے اس کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قومی عزم اور حوصلے کی عکاس ہیں، حکومت دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہے۔ اطلاعات کے مطابق فائرنگ کے تبادلے کے بعد سرچ آپریشن کے دوران ہلاک دہشت گردوں کی لاشیں برآمد ہوئیں۔ دیگر فرار دہشتگردوں کی گرفتاری کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے۔

بقیہ 07

مالیت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، تاہم قرضوں کا ملکی مجموعی قومی پیداوار یعنی جی ڈی پی سے تناسب کم ہو کر 72 فیصد رہ گیا۔ میڈیا کے مطابق جون 2025 کے اختتام پر پاکستان کے مجموعی سرکاری قرضے 84.8 ٹریلین روپے ریکارڈ کیے گئے تھے، جو اگلے 12 ماہ کے دوران بڑھ کر جون 2026 کے اختتام تک 90.98 ٹریلین روپے تک جا پہنچے، اس طرح ایک سال کے عرصے میں سرکاری قرضوں میں مجموعی طور پر 6.2 ٹریلین روپے یعنی 6 ہزار200 ارب روپے کا اضافہ سامنے آیا ہے، وزارت خزانہ کی جانب سے مالی سال 2027 سے 2029 کے لیے مرتب کردہ قرضوں کی پائیداری کے تجزیے میں ان اعداد وشمار کی تفصیلات پیش کی گئی ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ جون 2026 کے اختتام تک حکومت کے مجموعی قرضوں اور حکومت کی جانب سے ضمانت فراہم کردہ قرضوں کی مشترکہ مالیت 90.98 ٹریلین روپے ریکارڈ کی گئی جب کہ گزشتہ سال اسی مدت میں یہ حجم 84.8 ٹریلین روپے تھا، قرضوں کی پائیداری کے تجزیے کا مقصد درمیانی مدت میں قرضوں کے رجحانات اور مالیاتی ذمہ داریوں کا جائزہ لینا ہے۔

بقیہ 08

کی تجویز تسلیم کرلی گئی ہے۔ اس پیش رفت کے بعد وزیراعظم شہباز شریف اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کے درمیان جلد ملاقات متوقع ہے، جبکہ وزیراعظم کے دورمنصورہ کے امکانات پر بھی غور شروع کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق جماعت اسلامی کی جانب سے حکومت کو تجویز دی گئی تھی کہ پٹرولیم مصنوعات پر ریلیف اور سبسڈی کا دائرہ محدود رکھنے کے بجائے اس میں مزید طبقات کو شامل کیا جائے تا کہ عام شہریوں اور زرعی شعبے سے وابستہ افراد کو بھی مہنگے ایندھن کے اثرات سے ریلیف مل سکے۔ حکومت نے وزیراعظم کے ذریعے اس تجویز کو تسلیم کرلیا ہے اور مجوزہ فارمولے میں ایک ہزار سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو بھی سبسڈی کے دائرہ کار میں شامل کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ مجوزہ فارمولے کے تحت 12 ایکڑ تک زرعی اراضی رکھنے والے کاشتکاروں کے ٹریکٹرز کو بھی پٹرولیم سبسڈی فراہم کی جائے گی۔

بقیہ 09

عدالتوں کو منتقل کرنے کے لیے مخصوص وفاقی قانون کا ہونا ضروری ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ لاہور ہائی کورٹ متعلقہ ڈگری کو دفعہ 44-A کے تحت پاکستان میں نافذ کرنے کا اختیار نہیں رکھتی تھی، لہذا ماتحت عدالت اور لاہور ہائی کورٹ کے احکامات برقرار نہیں رہ سکتے۔ کیس میں دو رکنی بینچ کے ارکان کے درمیان اختلافِ رائے کے بعد معاملہ تیسرے جج کو بطور ریفری بھجوایا گیا تھا، جسٹس محمد شفیع صدیقی نے ریفری جج کی حیثیت سے جسٹس منیب اختر کی رائے سے اتفاق کیا جسکے نتیجے میں اکثریتی فیصلہ سامنے آیا۔

بقیہ 10

صورتحال کے تناظر میں عوام سے اس معاملے پر رائے لینے میں کوئی قباحت نہیں ہونی چاہیے، ریفرنڈم کے ذریعے نئے صوبوں کے قیام سے متعلق عوامی مقف سامنے لایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کے معاملے کو سیاسی طور پر جس حد تک متنازع بنایا جا چکا ہے، اس کا فیصلہ عوام کی رائے کے ذریعے کرنا مناسب ہوگا۔ وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری ریفرنڈم کے معاملے پر خون کی ندیاں بہانے کی بات کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب بعض حلقوں کی جانب سے یہ دعویٰ بھی کیا جا رہا ہے کہ ملک کی 83 فیصد آبادی نئے صوبوں کے قیام کی حمایت کرتی ہے۔

بقیہ 11

آنے والی نسلوں کی بقا اور مستقبل سے جڑا معاملہ ہے، جو ان کے لیے زندگی کی بنیادی ضرورت کی حیثیت رکھتا ہے۔ ایم کیو ایم رہنما نے دسمبر کو اہم مہینہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس معاملے پر آئندہ پیش رفت اگلے مالی سال کا بجٹ پیش ہونے سے پہلے ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام میں مزید تاخیر نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اگر صوبوں کے قیام سے متعلق بات چیت سرکاری سطح پر نہ ہو رہی ہوتی تو اب تک کوئی نہ کوئی قوت اسے رکوا چکی ہوتی۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ موجودہ حالات میں کسی ایک سیاسی جماعت کے بجائے ریاست کو بچانے اور مضبوط بنانے پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے پاکستان تحریک انصاف کو بھی مشورہ دیا کہ وہ کسی پیشگی شرط کے بغیر نئے صوبوں کے قیام کی حمایت کرے۔

بقیہ 12

وانصاف وانسانی حقوق اعظم نذیر تارڑ کی قیادت میں پاکستان نے مؤثر کردار ادا کیا۔ وفاقی وزیر برائے قانون وانصاف وانسانی حقوق اعظم نذیر تارڑ کی قیادت میں پاکستانی وفد نے ترکیہ کے شہر استنبول میں منعقدہ ساتویں ویمن سمٹ میں شرکت کی۔ اس موقع پر پاکستانی وفد کی ترک صدر کی بیٹی اور ترکیہ کی وزیر برائے خاندانی و سماجی خدمات ماہینور اوزدمیر گوکتاش سے دوطرفہ ملاقات ہوئی۔ ترکیہ کی وزیر برائے خاندانی وسماجی خدمات ماہینور اوزدمیر گوکتاش کی میزبانی میں ساتویں عالمی ویمن سمٹ کا انعقاد، مختلف ممالک کے وفود کی شرکت کی۔ کنوینئر برائے جینڈر مین اسٹریمنگ سارہ احمد کی پاکستانی وفد کے ہمراہ خصوصی شرکت ہوئی۔

بقیہ 13

میں ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں اکثریت جماعت اسلامی کوملی اور پھر کس نے میئر کو قابض کیا، قابض، ڈاکو، کرپٹ، معدنیات کا کاروبار کرنیوالے لوگ ہی آپ کو کیوں پسند ہے؟ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ حکومت کی پالیسی کی وجہ سے ملک میں مایوسی ہے، بلوچستان کا اصل خزانہ یہاں کے نوجوان ہیں، بلوچستان کے لوگوں کو گیس فراہم نہیں کی جا رہی ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ چمن افغانستان بارڈر بند کرنے سے تجارت بند ہے، ایک مخصوص طبقہ ملک پر مسلط ہے، ان سے جان چھڑانی ہوگی، جمہوری اور سیاسی حق سے دستبردار نہیں ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ ظلم، جبر اور بدامنی کے اندھیرے میں امید کے چراغ جلائینگے۔

بقیہ 14

آرڈیننس اس حکومتی عزم کا واضح ثبوت ہیں، صوبے میں دہشت گردی کے خلاف موثر اقدامات اور ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے گورنر کو مکمل سیاسی حمایت فراہم کی جانی چاہیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ گورنر فیصل کریم کنڈی کا وفاقی حکومت کے ساتھ ورکنگ ریلیشن شپ رکھنا آئینی اور انتظامی ضرورت ہے، اسے سیاسی تنازع بنانے کے بجائے صوبے کے امن و استحکام کے لیے مشترکہ کوششوں کا حصہ سمجھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ ان کی جماعت اور پیپلز پارٹی کا مشترکہ فیصلہ تھا۔ گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ سے خیبر پختونخوا میں امن وترقی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوا ہے۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ گورنر اور سکیورٹی ادارے خیبر پختونخوا سے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک صوبے میں ایمرجنسی نافذ رہے گی۔

بقیہ 15

سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں وزیراعلی بلوچستان نے کہا کہ حسین نقی کے انتقال سے صحافت ایک بااصول، کہنہ مشق اور توانا آواز سے محروم ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم حسین نقی نے آزادی اظہار اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے گراں قدر خدمات انجام دیں، جن کی صحافتی خدمات اوراصولی مقف ہمیشہ یادرکھا جائے گا۔

بقیہ 16

موثر بنانے کے لئے کوئٹہ میں پبلک سروس وہیکلز مینجمنٹ انفورمیشن سسٹم (PSVMIS) پوائنٹ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر منعقدہ تقریب کے دوران ڈپٹی انسپکٹر جنرل نے پبلک سروس وہیکلز مینجمنٹ انفورمیشن سسٹم کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اس اقدام کا مقصد شہریوں اور مسافروں کو متعلقہ سہولیات کی فراہمی، خدمات کے نظام کو مزید موثر بنانے اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے انتظامی امور میں بہتری لانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید سہولیات اور ٹیکنالوجی کا استعمال اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانے، عوام کو سہولت فراہم کرنے اور خدمات کی فراہمی میں شفافیت وموثریت کے لیے اہم کردار ادا کرتا ہے۔

بقیہ 17

ہوگئے۔ سی ٹی ڈی ترجمان کے مطابق سی ٹی ڈی سوات اور سیکیورٹی فورسز نے پشاور کے علاقے متنی میں پاسانی روڈ ادیزی خوڑ کے مقام پر کارروائی کے دوران دہشت گردوں کی موجودگی پر گھات لگائی، اس دوران دہشتگردوں نے فائرنگ کردی، جس پر سیکیورٹی فورسز نے موثر جوابی کارروائی کی اور فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے تین دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔

بقیہ 18

ہیں، ان کی غلط بات غلط ہے۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو میں شوکت یوسفزئی کے بیان پر ردعمل میں کہا کہ میرا سوفٹ ویئر ٹھیک ہے، پی ٹی آئی ترجمان کا سوفٹ ویئر اپ ڈیٹ ہوگیا ہے، اس لیے ٹی وی پر نظر آتے ہیں، مجھے میری پارٹی نے گالم گلوچ کی تربیت نہیں دی، دہشت گردی کے خلاف جنگ ہماری اولین ترجیح ہے، ہمارے پاس غلطی کی گنجائش نہیں۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ مولانا کے شہداء اور ریاست کے حوالے سے ایشوز پر اعتراض تھا، پی ٹی آئی والے پہلے مولانا کے بارے میں کیا کہتے تھے، معافی تو مانگ لیں۔

بقیہ 19

انتظامیہ کے مطابق مال بردار بس میں چار افراد سوار تھے اور گاڑی تفتان سے دالبندین کی جانب آ رہی تھی کہ ڈھڈر کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے اسے فائرنگ کا نشانہ بنایا، جس سے ڈرائیور جاں بحق اور تین افراد زخمی ہوگئے۔ دریں اثنا ایک اور واقعے میں نامعلوم مسلح افراد نے ایک ٹرک کو آگ لگا کر نذر آتش کردیا۔ پولیس انتظامیہ کے مطابق دونوں گاڑیاں تفتان سے دالبندین کی جانب بغیر کسی سیکیورٹی کانوائے کے سفر کر رہی تھیں، جبکہ واقعات کے بعد سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا ہے اور مقامی انتظامیہ مزید تحقیقات کر رہی ہے۔

بقیہ 20

قیام کے حق میں آوازیں بلند ہو رہی ہیں۔ کوئٹہ، لیہ، بہاولنگر اور کراچی کے شہریوں نے پسماندہ علاقوں کی ترقی کیلئے نئے صوبوں کی حمایت کر دی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس حوالے سے بات کرتے ہوئے شہریوں کا کہنا تھا کہ بلوچستان جیسے بڑے رقبے کے صوبے کو چھوٹے انتظامی یونٹس میں تقسیم کرنا بہت ضروری ہے۔ شہریوں نے کہا کہ آبادی بڑھنے کے ساتھ نئے صوبوں کا قیام ناگزیر ہے، اس سےلوگوں کو بنیادی سطح پر سہولیات ملیں گی۔

بقیہ 21

ٹریفک حادثے کا شکار ہوگئی۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق ٹریفک حادثے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ چھ افراد زخمی ہوگئے۔

بقیہ 22

کے لیے کارروائی میں مصروف رہیں۔ بحرین کی وزارت داخلہ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں بتایا کہ ایرانی حملے کے بعد صنعتی تنصیب میں آگ بھڑک اٹھی ہے تاہم وزارت نے متاثرہ مقام اور صنعتی تنصیب کی نوعیت سے متعلق تفصیلات فراہم نہیں کیں۔ اس سے قبل بحرین کی وزارت داخلہ نے ممکنہ خطرے کے پیش نظر شہریوں کو قریبی محفوظ مقام پر منتقل ہونے کی ہدایت جاری کی تھی۔ ابتدائی الرٹ میں خطرے کی نوعیت واضح نہیں کی گئی تھی۔ بعد ازاں وزارت داخلہ نے خطرہ ٹلنے کا اعلان کرتے ہوئے الرٹ ختم کردیا تاہم کچھ دیر بعد ایک اور حفاظتی انتباہ جاری کیا گیا۔

بقیہ 23

خارجہ کا استقبال کیا۔ تگال کے وزیر خارجہ، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کیساتھ وفود کی سطح پر مذاکرات کریں گے، پاکستانی قیادت سے ملاقاتیں بھی کریں گے۔ دفتر خارجہ کے مطابق پرتگالی وزیر خارجہ پاکستان، پرتگال بزنس فورم کے افتتاحی اجلاس میں شرکت کیلئے ایک کاروباری وفد کے ہمراہ پاکستان آئے ہیں۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی دعوت پر پرتگال کے وزیرمملکت و وزیرخارجہ پالورینجل پاکستان کا دورہ کر رہے ہیں۔

بقیہ 24

30 نومبر کو روس کے سرکاری دورے پر ماسکو روانہ ہوں گے، ماسکو میں روسی صدر ولادیمیر پیوٹن سے اہم ملاقات متوقع ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کی دعوت پر ماسکو کا دورہ کریں گے، دورے کے دوران دوطرفہ تعلقات، تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، دفاع اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال ہوگا، وزیراعظم روسی صدر پیوٹن کو آئندہ سال پاکستان کے دورے کی دعوت دینگے۔

بقیہ 25

نے کا دعوی کیا ہے۔ اتحادی افواج کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل ترکی المالکی کے مطابق سعودی فضائی دفاعی نظام نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے میزائل کو ہدف تک پہنچنے سے پہلے ہی ناکارہ بنا دیا۔ میزائل حملے کے خطرے کے پیش نظر مکہ مکرمہ میں ہنگامی وارننگ کیلئے سائرن بجائے گئے، جبکہ شہری دفاع کی جانب سے حفاظتی الرٹ بھی جاری کیا گیا، خطرہ ٹلنے کے بعد الرٹ ختم کردیا گیا اور شہریوں کو صورتحال سے آگاہ کیا گیا۔

بقیہ 26

ہیں۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ قابض طالبان رجیم کیخلاف ایک نئی موثر اور منظم مسلح مزاحمتی قوت کے طور پر ابھر کر سامنے آ گیا۔ معروف عالمی جریدے دی ڈپلومیٹ کے مطابق افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نے اگست میں طالبان رجیم کیخلاف آپریشن محارب شروع کیا۔ دی ڈپلومیٹ کے مطابق افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نے طالبان کے روایتی مضبوط گڑھوں قندھار اور ہلمند میں سب سے زیادہ کارروائیوں کا دعوی کیا ہے۔

بقیہ 27

وہ منہ چھپانے کے قابل نہیں رہے گا۔ محسن نقوی کا کہنا ہے کہ ڈھائی سال سے اس وزیر کے تبصرے صبر سے سن رہا ہوں، جن بزنس مینز پر تنقید کی جا رہی ہے وہ پاکستان کے عزت دار شہری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ بزنس مین وفاق اور مختلف شہروں کے چیمبرز کے صدور اور عہدیدار تھے، وہ بزنس مین پاکستان میں سب سے زیادہ ٹیکس ادا کرنیوالوں میں شامل ہیں۔ وفاقی وزیر کا کہنا ہے کہ وہ بزنس مین اتنے ہی برے ہیں تو ہر الیکشن میں ان سے پارٹی فنڈ کے نام پر اربوں روپے کیوں لیتے ہیں؟

بقیہ 28

ذخیرہ برآمد کرلیا۔ سکیورٹی ذرائع نے کہا کہ فتنہ الخوارج نے حیدرخیل میں ایک خالی رہائشی مکان میں بھاری اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد چھپا رکھا تھا، مکان کی کھدائی کے دوران اینٹی ایئر کرافٹ گن، ہیوی مشین گن اور آر پی جی سیون سمیت بھاری ہتھیار برآمد ہوئے ہیں۔ برآمدہ سامان میں آر پی جی سیون راؤنڈز، کواڈ کاپٹر ڈراپ کٹس، یو بی جی ایل راؤنڈز اور ڈیٹونیٹنگ کورڈز بھی شامل ہیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق رہائشی آبادی میں بارودی مواد چھپانا دہشت گردوں کی خطرناک روش ہے جو معصوم شہریوں کی جانوں کیلئے بڑا خطرہ ہے، جدید اسلحہ اور کواڈ کاپٹر ڈراپ کٹ کی برآمدگی دہشتگردوں کے بیرونی روابط اور سپلائی چین کی نشاندہی کرتی ہے، چند روز قبل بھی سکیورٹی فورسز نے میرعلی میں ایک گھر کے اندر فتنہ الخوارج کی بارودی مواد تیار کرنے کی لیب پکڑی تھی۔

بقیہ 29

پنجاب مریم نواز شریف نے بابا گرو نانک کے 557 ویں جنم دن کی تقریبات میں شرکت کے لیے پاکستان آنے والے سکھ یاتریوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا ہے کہ اپنے پیغام میں مریم نواز شریف نے کہا کہ سکھ برادری کے لیے پاکستان میں مقدس مذہبی مقامات کی زیارت کے لیے بہترین سہولیات فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔

بقیہ 30

حفاظتی معاہدے کے تحت اپنی ذمہ داریوں پر عمل کرے اور اپنے جوہری پروگرام کے پرامن مقاصد کو یقینی بنانے کے لئے ایجنسی کے ساتھ مکمل تعاون دوبارہ شروع کرے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق دونوں ممالک نے تجارتی جہازوں کے خلاف حملوں اور دھمکیوں کی مذمت بھی کی اور ایسے کسی بھی اقدام کی مخالفت کا اظہار کیا جو آبنائے ہرمز کی بندش یا جہاز رانی کی آزادی میں رکاوٹ کا باعث بنے۔ قطر اور جرمنی نے اس بات پر زور دیا کہ ایران کو جوہری ہتھیار نہ تو تیار کرنے چاہئیں اور نہ ہی حاصل کرنے چاہئیں، دونوں ممالک نے خطے میں بیلسٹک میزائلوں کے استعمال سے پیدا ہونے والے خطرات کے خاتمے کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 31

کا مسودہ پیش کر دیا گیا ہے جبکہ آسٹریلیا اور ترکیہ کو توقع ہے کہ تقریباً 200 ممالک اس پر اتفاق کرلیں گے۔ رواں سال ہونے والی کوپ کانفرنس پہلی ایسی عالمی ماحولیاتی کانفرنس ہے جس سے قبل اقوام متحدہ کے ماحولیاتی ادارے نے تصدیق کی ہے کہ عالمی درجہ حرارت میں اضافہ 1.5 ڈگری سینٹی گریڈ کی حد سے تجاوز کرنے کی جانب بڑھ رہا ہے جبکہ دنیا کے تمام ممالک نے ایک دہائی سے زائد عرصہ قبل اس حد کو عبور نہ کرنے کی کوشش پر اتفاق کیا تھا۔ ماہرین کے مطابق درجہ حرارت میں اس حد سے زیادہ اضافہ ہونے کی صورت میں شدید موسمیاتی واقعات اور ان کے تباہ کن اثرات میں مزید شدت آنے کا خدشہ ہے۔

بقیہ 32

کو زخمی کرنے والے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ آئی سی ٹی پولیس اہلکار نے اتوار کو میڈیا کو بتایا کہ ایس ایچ او شہزاد ٹاؤن نے پولیس ٹیم کے ہمراہ فوری کارروائی کرتے ہوئے مبینہ طور پر تیز رفتاری اور غفلت ولاپرواہی سے گاڑی چلانیوالے دو ملزمان کو گرفتار کیا، جن کی گاڑی کی ٹکر سے 8 افراد زخمی ہوئے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے جبکہ واقعے میں ملوث گاڑی بھی قبضے میں لے کر مزید قانونی کارروائی کے لیے شہزاد ٹاؤن تھانے منتقل کر دی گئی ہے۔

بقیہ 33

جاری ہے تاہم واشنگٹن ایسا طویل المدتی معاہدہ چاہتا ہے جو مستقبل میں آنے والا کوئی امریکی صدر بھی ختم نہ کر سکے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ مذاکرات کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ایرانی حکام معاہدے کے خواہاں ہیں لیکن وہ ایسا سمجھوتا نہیں چاہتے جو کچھ عرصے بعد ختم ہوجائے۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ ایک پائیدار معاہدہ چاہتے ہیں جو طویل عرصے تک برقرار رہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ وہ ایسا معاہدہ چاہتے ہیں جو مستقبل میں آنے والے کسی کمزور یا غیر موثر امریکی صدر کے دور میں بھی برقرار رہے۔

بقیہ 34

اضافے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) نے فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ (ایف پی اے) کی مد میں بجلی مہنگی کرنے کی درخواست نیپرا میں دائر کردی ہے۔ نیپرا نے سی پی پی اے کی درخواست پر سماعت 26 نومبر کو مقرر کردی ہے، سماعت کے دوران اضافے کی منظوری دیئے جانے کی صورت میں آئندہ ماہ بجلی کے بلوں میں اضافی قیمت وصول کی جائیگی۔

بقیہ 35

پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 4.7 اور گہرائی 82 کلو میٹر ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ژوب میں زلزلے کے جھٹکے آج صبح 8 بج کر 48 منٹ پر محسوس کیے گئے۔ متاثرہ علاقوں میں لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے فوری طور پر کسی جانی ومالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے۔

بقیہ 36

ہدایت کر دی۔ چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے کوئٹہ میں پانی کی فراہمی سے متعلق دائر آئینی درخواست کی سماعت کے دوران یہ احکامات جاری کیے۔ سماعت کے دوران بی واسا کی جانب سے عدالت کو بتایا گیا کہ ہزارہ ٹاؤن کے بعض علاقوں میں نجی ٹیوب ویلوں سے پانی کی فراہمی کے لیے استعمال ہونے والی بی واسا کی تقریباً 80 فیصد پائپ لائنیں منقطع کی جا چکی ہیں، تاہم باقی علاقوں کے لیے جامع سروے کی ضرورت ہے۔ عدالت کو بتایا گیا کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایسٹ کی رپورٹ کے مطابق 295 ٹیوب ویلوں میں سے صرف 68 کے پاس این او سی موجود ہے جبکہ 227 ٹیوب ویل بغیر این او سی کام کر رہے ہیں۔ عدالت نے قرار دیا کہ مذکورہ رپورٹ کوئٹہ شہر اور گردونواح میں قائم ٹیوب ویلوں کی مجموعی تعداد اور ان کی قانونی حیثیت سے متعلق مکمل معلومات فراہم نہیں کرتی، لہٰذا اسے غیر حتمی قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔

بقیہ 37

آئی جی لورالائی رینج جنید احمد شیخ نے خصوصی ملاقات کی ملاقات میں ضلع زیارت، ضلع ہرنائی اور تحصیل سنجاوی میں امن وامان کی مجموعی صورتحال، عوام کے جان و مال کے تحفظ، جرائم کی روک تھام اور پولیس وضلعی انتظامیہ کی کارکردگی سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دومڑ نے کہا کہ زیارت، ہرنائی اور سنجاوی میں امن وامان کا قیام، عوام کا تحفظ اور خوشحالی حکومت کی اولین ترجیحات ہیں، جن کے لیے پولیس اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان مؤثر رابطہ اور باہمی تعاون ناگزیر ہے۔

بقیہ 38

دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان میں چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، بہادری اور وطن عزیز کے امن واستحکام کے لیے ان کے غیر متزلزل عزم کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ دہشت گردوں کے ٹھکانوں کا خاتمہ، بھاری مقدار میں اسلحہ وگولہ بارود کی برآمدگی اور علاقے کو دہشت گرد عناصر سے پاک کرنا قابلِ تحسین کامیابی ہے۔

بقیہ 39

منفی 6 ڈگری سینٹی گریڈ تک گرنے سے درختوں اور پتوں پر برف کی سفید تہہ جم گئی، جبکہ کوئٹہ میں بھی سردی کی شدت بڑھنے لگی ہے۔ ملک کے بیشتر علاقوں میں خشک سردی کی شدت میں اضافہ ریکارڈ کیا جا رہا ہے، بالائی علاقوں میں یخ بستہ ہواؤں کے باعث صبح اور شام کے اوقات میں سردی کی شدت زیادہ محسوس کی جا رہی ہے۔ اسکردو اور ملحقہ علاقوں میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے 6 ڈگری نیچے جانے کے باعث درختوں اور پتوں پر جمنے والی برف نے موسم کی شدت کو نمایاں کر دیا ہے۔

بقیہ 40

مسلسل 130 ویں روز بھی جاری ہے۔ سینٹ کام نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے فارسی اکاؤنٹ پر ایک پوسٹ میں لکھا کہ امریکی فوجی دستے اس ناکہ بندی پر عمل درآمد جاری رکھے ہوئے ہیں، جسکے ذریعے پاسداران انقلاب کو خام تیل کی برآمدات سے اربوں ڈالر حاصل کرنے سے روکا جا رہا ہے۔ ایرانی بندرگاہوں کی بحری ناکہ بندی کا خاتمہ اور تیل سے متعلق پابندیوں کو اٹھایا جانا، امریکہ کے ساتھ جنگ کے خاتمے اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے حوالے سے جاری مذاکرات میں تہران کے اہم مطالبات میں شامل ہیں۔

بقیہ 41

ہیں۔ اتوار کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی بروقت اور فیصلہ کن کارروائی نے دہشت گردی کے ایک بڑے خطرے کو ناکام بناتے ہوئے عوام کی جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا، دہشتگردی کیخلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور کامیابیاں قابلِ تحسین ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قومی عزم اور حوصلے کی عکاس ہیں۔ حکومت دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 42

روزگار کی امید لے کر آنے والے نوجوانوں کو انٹرویوز کے نام پر ذلیل کرنا اور پولیس کے ذریعے تشدد کا نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک، غیر انسانی اور قابلِ مذمت عمل ہے۔ نوجوان کسی رعایت یا احسان کے طلبگار نہیں بلکہ اپنے حق، قابلیت اور تعلیم کی بنیاد پر روزگار کے مواقع چاہتے ہیں۔ سید صادق آغا نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو ہزاروں نوکریاں دینے کے اعلانات اگر عملی اقدامات میں تبدیل نہیں ہوتے تو ایسے دعوے عوام کے لیے محض طفل تسلی کے سوا کچھ نہیں۔ وفاقی حکومت کو چاہیے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع یقینی بنائے، بھرتیوں کے عمل کو شفاف، میرٹ پر مبنی اور باعزت بنائے اور نوجوانوں کے ساتھ روا رکھے جانیوالے ناروا سلوک کا فوری نوٹس لے۔

بقیہ 43

گیلانی، چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی پنجاب و رکن پنجاب اسمبلی سید علی حیدر گیلانی، مرحوم کے صاحبزادے سید کبیر گیلانی، خاندان کے افراد، سیاسی و سماجی شخصیات اور دیگر معززین نے شرکت کی۔ اس موقع پر علامہ مظہر سعید کاظمی نے مرحوم کے ایصالِ ثواب اور درجات کی بلندی کیلئے خصوصی دعا کرائی، جبکہ معروف ثنا خواں حمید نواز، وحید نواز اور سعید نواز نے بارگاہِ رسالتؐ میں نذرانہ عقیدت پیش کیا۔

بقیہ 44

لگانے کی تیاریوں اور آئندہ کے لائحہ عمل پر غور کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ جامعہ بلوچستان کے دیگر اساتذہ کرام کو درپیش مسائل، ان کے حل اور اساتذہ کے جائز حقوق کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات پر بھی تفصیلی غور وخوض کیا جائے گا۔ کابینہ کے تمام ممبران سے گزارش ہے کہ اجلاس میں اپنی شرکت یقینی بنائیں۔ اجلاس کے بعد ریٹائرڈ اساتذہ کرام کو بھی مدعو کیا جائے گا تا کہ ان کے مسائل اور تجاویز براہِ راست سنی جا سکیں۔

بقیہ 45

کہا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی، خوشحالی اور سماجی تبدیلی کا بنیادی ستون ہے، بلوچستان جیسے صوبے میں تعلیمی مسائل اور چیلنجز سے نمٹنے کیلئے سنجیدہ، مؤثر اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے، اس حوالے سے محکمہ تعلیم کے ذمہ داران کی مثبت کوششیں امید افزا ہیں اور ان اقدامات کو مزید آگے بڑھانے سے صوبے میں تعلیمی نظام کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا کہ صوبے کے دوردراز علاقوں میں تعلیمی سہولیات کی فراہمی، اسکولوں میں بنیادی ضروریات کی بہتری، اساتذہ کی حاضری، بچوں کے داخلوں میں اضافے اور تعلیمی معیار کو بلند کرنے پر خصوصی توجہ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، تعلیمی شعبے میں اصلاحات کا تسلسل برقرار رکھنے سے نہ صرف نوجوان نسل کو بہتر مستقبل میسر آئے گا بلکہ بلوچستان ترقی اور خوشحالی کی راہ پر بھی گامزن ہوگا۔

بقیہ 46

ہی ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد ہوتا ہے، اس لیے دوردراز علاقوں کے عوام کو علاج معالجے کی بہتر اور معیاری سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ سنجاوی ہسپتال میں نیو ایمرجنسی اور لیبر روم کے قیام سے علاقے کے عوام، بالخصوص خواتین اور مریضوں کو طبی سہولیات کی فراہمی میں بہتری آئے گی۔ اس اقدام سے ایمرجنسی کی صورت میں مریضوں کو بروقت طبی امداد اور زچہ و بچہ کی بہتر نگہداشت کی سہولت میسر ہوگی صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ عوامی فلاح و بہبود اور علاقے میں صحت کے شعبے کی بہتری کے لیے ترقیاتی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، تا کہ عوام کو علاج معالجے کے لیے دیگر شہروں کا رخ نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 47

لبنان کی خودمختاری کی مسلسل خلاف ورزیوں اور دراندازیوں کی مذمت کی ہے۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ کے مطابق صدر مملکت نے لبنان کے یوم آزادی کے موقع پر صدر جنرل جوزف عون کے نام اپنے خط میں پاکستان کی حکومت، عوام اور اپنی جانب سے لبنانی عوام کو دلی مبارکباد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ صدر آصف علی زرداری نے لبنان کی حکومت اور عوام کے ساتھ پاکستان کی یکجہتی کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور لبنان کے درمیان باہمی احترام، مشترکہ اقدار اور ثقافتی روابط پر مبنی دیرینہ دوستانہ تعلقات استوار ہیں۔ صدر مملکت نے موجودہ سکیورٹی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے دشمنی کے خاتمے، فائر بندی کے انتظامات پر سختی سے عملدرآمد اور لبنان کے تمام مقبوضہ علاقوں سے اسرائیلی افواج کے مکمل اور غیر مشروط انخلا پر زور دیا۔ انہوں نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں بالخصوص قرارداد 1701 پر مکمل عملدرآمد کی اہمیت بھی اجاگر کی۔

بقیہ 48

سے پریس کانفرنس کروایا جارہا ھے جن معاشرے میں کوئی حیثیت نہیں ھے کل کو ہٹہ پریس کلب میں ان مولویوں سے کام لیا گیا جن کا نہ کوئی مدرسہ ھے اور نہ ھی وہ مولوی لگ رہے تھے اور کچھ وہ مولوی تھے جن کی پارٹی کی وجود اسٹبلشمنٹ کے مرھون منت ھیں یقیناً وقتاً فوقتاً اسٹبلشمنٹ اپنے اہلکاروں کو مولانا فضل الرحمان کے خلاف استعمال کرتے رہینگے انھوں نے کہا کہ سیاسی طور پر مولانا فضل الرحمان کو کمزور کرنے کی کوششیں دراصل دینی مدارس پر ھاتھ ڈالنے کی سازشیں ھورھی ھے لیکن جمعیت علما اسلام ایسے سازشوں کو کبھی کامیاب نھیں ہونے دینگے جمعیت علما اسلام دینی مدارس کی پشت پر ایک مظبوط دینی قوت ھے۔

بقیہ 49

پسندی اور پیشہ ورانہ وابستگی ہمیشہ یاد رکھی جائے گی، ان کا انتقال صحافتی برادری کے لیے ایک بڑا نقصان ہے۔ شاہد رند نے مرحوم کے اہل خانہ اور صحافتی برادری سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوارِ رحمت میں جگہ اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔

بقیہ 50

امیدواروں کے انٹرویوز لیے جا رہے ہیں، جبکہ تمام انٹرویو پینلز فعال ہیں اور امیدواروں کے انٹرویوز کا عمل تسلی بخش منظم انداز میں جاری ہے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور وزیراعلی بلوچستان سرفراز بگٹی کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل کی خصوصی نگرانی میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے امیدواروں اور انٹرویو پینلز کی سہولت کے لیے جامع انتظامات کیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں تمام پینلز کو ضروری فرنیچر، نشستوں، لیپ ٹاپس، معاون عملے اور کلریکل اسٹاف سمیت دیگر سہولیات فراہم کی گئی ہیں تا کہ انٹرویوز کا عمل بلاتعطل جاری رکھا جا سکے۔

بقیہ 51

ہوئے ایک بھینس مبینہ طور پر محمد خوشی کی فصل میں داخل ہوگئی، جس پر بھینس کے مالک محمد طارق نے الزام عائد کیا ہے کہ بااثر افراد نے طیش میں آ کر بے زبان جانور پر تشدد کیا اور اسکی ٹانگیں کاٹ دیں۔ افسوسناک واقعے پر اہل علاقہ میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔ شہریوں نے اعلی حکام سے واقعے کا فوری نوٹس لینے اور ڈی پی او قصور سے شفاف تحقیقات کرکے ذمہ داروں کے خلاف قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 52

کر کے حبس بیجا میں رکھا۔ مدعی مقدمہ نے مزید الزام عائد کیا ہے کہ ایس ایچ او نے اس سے دو لاکھ روپے بھی چھین لیے۔

بقیہ 53

۔ ناصر حسین شاہ نے نئے صوبوں کے قیام سے متعلق تجاویز پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ کاروباری حضرات اچانک صوبوں کے قیام کی بات کہاں سے لے آئے ہیں، انہیں اس معاملے پر ایسی گفتگو کرنے کی ضرورت کیوں پیش آ رہی ہے؟ انہوں نے اپنے موقف کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کی یکجہتی برقرار رہے گی اور صوبے کی تقسیم سے متعلق کسی بھی کوشش کے معاملے پر پیپلز پارٹی سندھ کے عوام کے ساتھ کھڑی ہوگی۔

بقیہ 54

میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام آگے بڑھانے میں مدد ملے گی۔ گورنر خیبر پختونخوا کی مشیر برائے اطلاعات وتعلقاتِ عامہ کا کہنا تھا کہ جاری کیے گئے فنڈز عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی بہتری پر خرچ کیے جائیں۔ ثمر ہارون بلور کا مزید کہنا تھا کہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت اور بروقت عمل درآمد یقینی بنایا جائے تا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کو ان فنڈز کے ثمرات عملی طور پر نظر آئیں۔

بقیہ 55

اسلام آباد اور پنجاب میں اسی نوعیت کے اقدامات کے بعد خیبر پختونخوا میں بھی صدارتی آرڈیننس کا اجرا مدارس کی رجسٹریشن اور بینک اکاؤنٹس سے متعلق ان مسائل کے حل کی جانب اہم پیش رفت ہے جو گزشتہ تقریباً 26 سال سے موجود تھے۔ انہوں نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دینی مدارس کے دیرینہ مسائل کے حل کے لیے قیادت اور خصوصی دلچسپی پر شکریہ ادا کیا۔ حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے بالخصوص فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اس عمل کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے ذاتی دلچسپی لی جبکہ وزیراعظم اور صدر مملکت نے بھی اس حوالے سے اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ 56

جس سے شہر میں جانی نقصان ہوا۔ دوسری جانب روسی میزائل پولینڈ کی حدود میں بھی گرے، جبکہ ایک مشتبہ جیٹ انجن والا ڈرون بھی پولینڈ کی فضائی حدود میں داخل ہوا۔ خبر رساں ادارے کے مطابق نیٹو نے پولینڈ میں روسی میزائل گرنے کے واقعے کو فضائی حدود کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پولینڈ میں روسی میزائل گرنے کے واقعے کو دانستہ حملہ قرار دینے کے بجائے غلطی قرار دیدیا جبکہ پولینڈ کے وزیراعظم پولینڈ ڈونلڈ ٹسک نے روسی حملے کو دانستہ اشتعال انگیزی قرار دیا ہے۔ سیکرٹری جنرل نیٹو مارک روٹے کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ نیٹو پولینڈ کی سرزمین کے ہر انچ کا دفاع کرے گا۔

بقیہ 57

کا اپنے بیان میں کہنا ہے کہ انہوں نے امریکی میمو سے متعلق میڈیا رپورٹس نہیں دیکھیں، تاہم امریکا اور کینیڈا کی افواج کے درمیان قریبی تعاون برقرار ہے۔ کینیڈین وزیر دفاع کے مطابق دونوں ممالک منشیات کی سمگلنگ روکنے کیلئے مشترکہ کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں، جبکہ میزائل دفاعی نظام اور فضائی حدود کے تحفظ کے معاملات میں بھی تعاون برقرار ہے۔

بقیہ 58

۔ مقامی ٹیکسٹائل ملوں کی خریداری سرگرمیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے۔ حکومت کی جانب سے ایگریکلچر اور فوڈ سیکورٹی کے لیے “نیشنل ایگریکلچر اینڈ فوڈ سیکورٹی ایڈوائزری کونسل” کے قیام کی اطلاعات زیر گردش ہیں جس میں تین بڑے زرعی اداروں کو بھی ضم کیا جائے گا۔ چیئرمین کاٹن جنرز فورم احسان الحق نے بتایا کہ گزشتہ ہفتے تین بڑی طاقتوں کے سربراہان کی ملاقات کے نتیجے میں امریکا و چین کی درآمد وبرآمدات پر ٹیرف میں متوقع کمی کے باعث بین الاقوامی منڈیوں میں روئی کی قیمتوں میں ریکارڈ مندی سامنے آئی جس کے نتیجے میں گزشتہ ہفتے نیویارک کاٹن ایکس چینج میں دسمبر وعدہ روئی کے سودوں میں 3.62 سینٹ فی پاؤنڈ کی واقع ہوئی جس سے پاکستان کی کاٹن مارکیٹوں میں بھی گزشتہ ہفتے روئی کی قیمتوں میں تیزی کا رجحان سامنے نہ آسکا اور فی من روئی کی زیادہ سے زیادہ قیمت 18500 روپے جبکہ بلوچی روئی کی قیمتیں 19600 روپے کی سطح پر محدود رہیں۔

بقیہ 59

تباہ کر دیا، جنوبی غزہ کے علاقے المواصی میں بے گھر فلسطینیوں کے کیمپ پر بھی حملہ کیا گیا۔ دوسری جانب غزہ میں شہریوں اور امدادی کارکنوں کو بھی نشانہ بنایا گیا، اسرائیلی فوج نے کھانا تقسیم کرنے والی گاڑی پر بمباری کرکے اسے تباہ کر دیا، حملے میں تین امدادی کارکن شہید ہوگئے۔ حماس نے امدادی قافلے پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھوک اور محاصرے کے دوران امدادی گاڑی کو نشانہ بنانا اسرائیلی درندگی کی نئی مثال ہے، یہ کارروائی شہریوں اور انسانی امدادی سرگرمیوں کو نشانہ بنانے کے تسلسل کا ثبوت ہے۔ حماس نے ثالثوں اور ضامن فریقوں سے مطالبہ کیا ہے کہ صورتحال پر غور کے لیے فوری اجلاس بلایا جائے۔

بقیہ 60

انتہائی تشویشناک سطح 920 تک جا پہنچا، علامہ اقبال ٹاؤن میں اے کیو آئی 700 جبکہ عسکری 10 میں 275 ریکارڈ کیا گیا۔ پنجاب کے دیگر شہروں بہاولپور کا اے کیو آئی 525، گوجرانوالہ میں 435، فیصل آباد کا ایئر کوالٹی انڈیکس 415 پارٹیکولیٹ میٹرز ریکارڈ کیا گیا ہے، جبکہ سرگودھا میں 404 اور ملتان کا اے کیو آئی 274 پارٹیکولیٹ میٹرز ریکارڈ کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ چند روز کے دوران بارش کا کوئی امکان نہیں، بارش اور تیز ہوائیں نہ چلنے کے باعث فضائی آلودگی میں کمی کے امکانات معدوم ہیں، موسم خشک رہنے اور ہوا کی رفتار کم ہونے سے لاہور سمیت مختلف شہروں میں سموگ کی صورتحال برقرار رہنے کا خدشہ ہے۔ قومی ادارہ صحت نے متعدی بیماریوں میں اضافے کا الرٹ جاری کر دیا ہے، موسمی فلو، سانس اور دل کے امراض میں اضافے کا خدشہ ہے۔ دوسری جانب ملک کے بیشتر علاقوں میں خشک سردی کی شدت میں اضافہ اور بلوچستان میں بھی یخ بستہ موسم کا سلسلہ جاری ہے۔ اسکردو اور گردونواح میں شدید سردی کی لہر کے باعث شہری علاقوں میں درجہ حرارت منفی 6 ڈگری سینٹی گریڈ تک گر گیا ہے اور درختوں کے پتوں پر سفیدی چھا گئی ہے۔ کوئٹہ کا درجہ حرارت 3 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا۔

بقیہ 61

حکومت نے ریفرینڈم نہیں کرایا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم بتائیں آئینی راستہ اختیار کرنا ہے یا ماورائے آئین راستہ؟ وزرا کے متضاد بیانات حکومتی پالیسی میں ابہام پیدا کر رہے ہیں، بلاول بھٹو نے پارٹی پالیسی بیان کی، ردعمل دینا ان کا سیاسی حق ہے۔ سیکریٹری جنرل پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کا کہنا ہے کہ آصف علی زرداری کا کردار ہمیشہ مصالحانہ رہا ہے، صدر اور وزیر اعظم کی ملاقاتیں خوش آئند ہیں، پیپلز پارٹی آئین سے انحراف کے کسی اقدام پر خاموش نہیں رہے گی۔ نیئر بخاری نے کہا ہے کہ آئین کے تحت حکومت کی مدت پوری کرنے کی پیپلز پارٹی کی کمٹمنٹ ہے، پیپلز پارٹی جمہوری حکومتوں کی آئینی مدت پوری کرنے کی حامی ہے، پیپلز پارٹی کا ہر کارکن چیئرمین بلاول بھٹو کے مقف کے ساتھ کھڑا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ رانا ثنا اللہ دھمکیوں کے بجائے آئینی فورمز سے رجوع کریں۔

بقیہ 62

کہ کام ہونا چاہیے، علی بھائی کی گلی بن گئی یہ اچھی بات ہے۔ مرتضٰی وہاب کا کہنا تھا کہ سندھ کی یکجہتی کا دن صرف دسمبر میں نہیں منایا جاتا، ہم دوبارہ 12 مئی نہیں چاہتے، معاشی حالات کی بہتری کے لیے کام کرنے کی ضرورت ہے، نئی نسل کو امید دینے کی ضرورت ہے۔ وہ ضلع غربی اورنگی ٹاؤن میں زیڈ ایم سی فیملی پارک روڈ پر سیوریج سسٹم کی بحالی اور پیور بلاک لگانے کے منصوبے اور فقیر کالونی روڈ سے میٹروول روڈ براستہ مومن آباد اور عثمان روڈ کی بہتری و بحالی کے منصوبے کے افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

بقیہ 63

ڈالر مالیت فروخت کر چکے تھے، تاہم اس کے بعد سرمایہ کاری کے رجحان میں نمایاں تبدیلی آئی اور رواں ماہ غیر ملکی سرمایہ کار دوبارہ خالص خریدار بن گئے۔ بھارت کے بازارِ حصص کے نگران ادارے نے دیگر ابھرتی ہوئی منڈیوں کے مقابلے میں ملک کی مسابقت بہتر بنانے کے لیے غیر ملکی حصص سرمایہ کاروں کو ٹیکس میں رعایت دینے کی سفارش کی ہے۔ یہ سفارش حکومت کے اس سابقہ فیصلے کے بعد سامنے آئی ہے جس کے تحت اہل غیر ملکی سرمایہ کاروں کو سرکاری سیکیورٹیز سے حاصل ہونے والی سود کی آمدن اور سرمایہ جاتی منافع پر ٹیکس سے استثنٰی دیا گیا تھا۔ غیر ملکی پورٹ فولیو سرمایہ کاروں نے اکتوبر میں بھارتی حصص سے 34,843 کروڑ روپے نکالے، جبکہ ستمبر میں بھی بڑی مقدار میں سرمایہ واپس لے لیا گیا تھا۔

بقیہ 64

نقی کی صحافت، آزادی اظہار اور انسانی حقوق کے لیے طویل خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ حسین نقی نے صحافت اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے نمایاں کردار ادا کیا، ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ صدر مملکت نے حسین نقی کے اہلِ خانہ سے اظہار تعزیت اور مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کی۔

بقیہ 65

پیرامیڈیکس اسٹاف کے مختلف مسائل، پیشہ ورانہ امور، دفتری مشکلات اور ہسپتال میں کام کرنے والے ملازمین کو درپیش چیلنجز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایسوسی ایشن کی نومنتخب کابینہ نے اس بات پر زور دیا کہ پیرامیڈیکس اسٹاف محکمہ صحت کا ایک اہم اور بنیادی حصہ ہے، جو دن رات اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں نبھاتے ہوئے عوام کو طبی سہولیات فراہم کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔ لہٰذا ان کے جائز مسائل کا حل، بنیادی ضروریات کی فراہمی اور ان کے ساتھ بہتر پیشہ ورانہ رویہ اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ 66

سائیکل گاڑی اور پولیس موبائل سے ٹکرا گیا حادثے میں موٹر سائیکل سوار اور راہگیر زخمی ہوئے جنہیں طبی امداد کے لئے قریبی اسپتال منتقل کیا گیا جن میں سے 2 افراد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے۔ حادثے کے نتیجے میں زخمیوں میں تین بچے بھی شامل ہیں۔ پولیس نے حادثے کے بعد ٹرک ڈرائیور کو گرفتار کرکے تھانے منتقل کردیا، گرفتار ڈرائیور نے بتایا کہ بریک فیل ہونے کی وجہ سے حادثہ پیش آیا تھا پولیس نے تحقیقات شروع کردیں۔

بقیہ 67

معاہدہ رواں ایرانی سال کے اختتام تک حتمی شکل اختیار کرسکتا ہے۔ انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ معاہدے پر پیش رفت جاری ہے، مذاکرات اور معاہدے میں شامل اشیا کی فہرستوں کے تبادلے کے بعد یہ اپنے آخری مراحل میں پہنچ چکا ہے۔ ایرانی عہدیدار کے مطابق نئے معاہدے پر عمل درآمد سے دونوں ممالک کے درمیان کسٹم اخراجات کم ہوں گے جس سے باہمی تجارت کے حجم میں نمایاں اضافہ ممکن ہوگا۔ سید مہرداد سادات نسب نے پاکستان اور ایران کے درمیان سرکاری اور غیر سرکاری تجارت کا موجودہ حجم تقریباً 6 ارب ڈالر بتایا۔ ان کے مطابق دونوں ممالک میں وسیع معاشی صلاحیتیں موجود ہیں اور باہمی تجارت کو 10 ارب ڈالر سے زیادہ تک پہنچایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے صنعتی شعبے، زراعت، کان کنی اور تکنیکی وانجینئرنگ خدمات کو دوطرفہ اقتصادی تعاون کے اہم شعبے قرار دیا۔

بقیہ 68

گئے۔ صوبائی وزیر نے اس موقع پر وزیر خوراک سے رابطہ کیا اور مسائل کل تک حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت جام اکرام اللہ دھاریجو نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فلور مل مالکان کے مسائل حل کیے جائیں گے، فلور مل مالکان کے جائز مسائل حل کرنا حکومت کی ترجیح ہے۔

بقیہ 69

سینٹر کی عہدیدار زولو نے بتایا کہ اس مشترکہ مشق میں تینوں خلاباز پرعزم تھے اور انہوں نے تمام آپریشنز بالکل درست طریقے سے انجام دیے، تمام تر تربیت مکمل کرنے کے بعد ایک پاکستانی خلاباز چین کے شین ژو-24 خلائی جہاز کے ذریعے خلا میں جائے گا۔ پاک چین لازوال دوستی اب زمین کی حدود سے نکل کر خلا کی وسعتوں کو چھو رہی ہے۔

بقیہ 70

ریفرنڈم کے نتائج حق میں آئیں تو انہیں عدالت میں توثیق کیلیے پیش کیا جائیگا، ایسا کرنا پارلیمان کی خودمختاری مجروح کرنے اور صوبائی اسمبلی کے آئینی اختیارات پر قدغن کے مترادف ہوگا۔ رضا ربانی کے مطابق کوئی عدالت آئین میں ایسی تشریح شامل نہیں کرسکتی جو اس میں موجود نہ ہو، کوئی عدالت نہ ہی آئین کو ازسرنو تحریر کرسکتی ہے، کوئی عدالت ایسا کرتی ہے تو وہ آئینی طریقہ کار اور صوبائی اسمبلی کیآئینی حق کو مجروح کرنا ہوگا۔ رضا ربانی کا مزید کہنا تھا کہ ایسا اقدام آئینِ پاکستان کے بنیادی اصول کو تبدیل کرنے کے مترادف ہوگا۔

بقیہ 71

ہیں۔ روسی خبر رساں ادارے ویستی کو انٹرویو میں لیخاچیف نے بتایا کہ روسی ماہرین کی اکثریت نے ایرانی حکام کے ساتھ رابطے اور ہم آہنگی کے بعد بوشہر جوہری بجلی گھر کے مقام سے واپسی اختیار کر لی ہے۔ انہوں نے کہا کہ روسی صدر ولادیمیر پوتن بجلی گھر کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے تھے اور انھوں نے اپنے بین الاقوامی رابطوں کے ذریعے اس تنصیب اور وہاں موجود روسی عملے کی سلامتی یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے۔ روس ایٹم کے سربراہ نے اس بات پر زور دیا کہ بوشہر منصوبہ اب بھی کمپنی کی ترجیحات میں شامل ہے اور یہ کہ بیرونی دباؤ کے باوجود تہران اور ماسکو کے درمیان جوہری تعاون جاری رہے گا۔

بقیہ 72

آگ لگنے کے بعد عمارت کے اندر پھنس گئے۔ آگ ہفتے کی سہ پہر صوبہ بنتن کے شہر سرنگ کے علاقے چیکانڈے میں واقع کینڈی بنانے والی فیکٹری میں لگی، جہاں دودھ سے بنی مٹھائیاں اور دیگر مصنوعات تیار کی جاتی ہیں۔ آگ نے تین منزلہ فیکٹری کے بڑے حصے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، جبکہ عمارت کی چھت کے کچھ حصے بھی گر گئے۔

بقیہ 73

کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے شروع کئے گئے خصوصی ہفتے کے موقع پر جاری کء گئے ہیں۔ اسرائیلی فوج کے شعبہ افرادی قوت، وزارت دفاع کے بحالی کے شعبے اور معذور سابق فوجیوں کی تنظیم مشترکہ طور پر اس ہفتے کا اہتمام کر رہی ہیں۔ اس مہم کا مقصد زخمی فوجیوں کی قربانیوں کو تسلیم کرنا، انہیں فراہم کی جانے والی معاونت اور سہولیات سے آگاہی بڑھانا اور ان کی بحالی کے عمل میں مدد فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 74

بندی میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے، 2024 کے مقابلے میں ملک کی شرح میں 6 فیصد پوائنٹس کا اضافہ ہوا جو عوامی تحفظ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔ رپورٹ میں سعودی عرب 95 فیصد کیساتھ تیسرے، تاجکستان اور کویت 93 فیصد کے ساتھ چوتھے اور بحرین 92 فیصد کیساتھ چھٹے نمبر پر رہے۔ ہانگ کانگ، ایل سلواڈور، سوئٹزرلینڈ اور ناروے بھی 90 فیصد شرح کے ساتھ دنیا کے دس محفوظ ترین ممالک میں شامل ہیں۔ خلیج تعاون کونسل (جی سی سی) کے چار ممالک متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، کویت اور بحرین دنیا کے دس محفوظ ترین ممالک میں جگہ بنانے میں کامیاب ہوئے۔

DAILY HAAL QUETTA
روزنامہ حال کوئٹہ
بانی: رشید بیگ

وفاق کا بلوچستان کو نوکریاں دینے کا اعلان طفل تسلی ہے، صادق آغا

انٹرویوز کے نام پر پڑھے لکھے نوجوانوں کی تذلیل اور پولیس تشدد ناقابل قبول ہے، صوبائی سینئر نائب صدر پی ٹی آئی

کوئٹہ(پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے وفاق کی جانب سے بلوچستان کے نوجوانوں کو ہزاروں نوکریاں فراہم کرنے کے اعلانات کو طفل تسلی قرار دیتے ہوئے انٹرویوز کے نام پر پڑھے لکھے نوجوانوں کی تذلیل اور پولیس کے ذریعے ان پر تشدد کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان پہلے ہی بے روزگاری، معاشی مشکلات اور محدود مواقع کے باعث شدید پریشانی کا شکار ہیں، ایسے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر42)

سید یوسف رضا گیلانی کی مخدوم سید علی رضا گیلانی مرحوم کی رسم قل میں شرکت

ملتان (آن لائن) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اپنے کزن مخدوم سید علی رضا گیلانی مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے منعقدہ رسم فاتحہ خوانی وقل خوانی میں شرکت کی۔ تقریب اتوار کو مرحوم کی رہائش گاہ المصطفیٰ ہاؤس میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں رکن قومی اسمبلی سید علی قاسم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر43)

اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کا اجلاس 23 نومبر کو ہوگا

کوئٹہ (جی این ایم) اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن، جامعہ بلوچستان کی کابینہ کا ایک اہم اجلاس مورخہ 23 نومبر، بروز سوموار، دن 12 بجے اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کے دفتر میں منعقد ہوگا۔ اجلاس میں ریٹائرڈ اساتذہ کرام کے پنشن واجبات کی فوری ادائیگی کے مطالبے کے سلسلے میں کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر44)

بلوچستان میں تعلیم کے فروغ کیلئے اقدامات قابل ستائش ہیں، حلیم صادق

صوبائی سیکرٹری سیکنڈری ایجوکیشن حاجی لعل جان جعفر کی تعلیمی بہتری کیلئے کاوشیں قابل تحسین ہیں

کوئٹہ(پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق سالمزائی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں تعلیم کے فروغ، تعلیمی اداروں کی بہتری اور شعبہ تعلیم کو مزید فعال بنانے کیلئے صوبائی حکومت کی جانب سے اٹھائے جانے والے اقدامات قابل ستائش ہیں، صوبائی سیکرٹری سیکنڈری ایجوکیشن حاجی لعل جان جعفر کی تعلیمی شعبے میں بہتری، ادارہ جاتی اصلاحات اور تعلیم کے معیار کو بلند کرنے کیلئے کی جانے والی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر45)

رکن قومی اسمبلی سردار یعقوب ناصر سے مسلم لیگ ق کے رہنما الیاس آر ناصر ملاقات کررہے ہیں

غیر ملکی عدالتی ڈگری کو براہ راست پاکستان میں نافذ نہیں کیا جاسکتا، سپریم کورٹ

سپریم کورٹ میں نجی کمپنی کی اپیل دو ایک کی اکثریت سے منظور، لاہور ہائیکورٹ اور ماتحت عدالت کے احکامات کالعدم قرار دے دیئے

جسٹس محمد شفیع صدیقی نے ریفری جج کی حیثیت سے جسٹس منیب اختر کی رائے سے اتفاق کیا جس کے نتیجے میں اکثریتی فیصلہ سامنے آیا

اسلام آباد(آن لائن) سپریم کورٹ آف پاکستان نے نجی کمپنی کی اپیل پر اہم فیصلہ سناتے ہوئے قرار دیا ہے کہ غیر ملکی عدالتی ڈگری کو براہ راست پاکستان میں نافذ العمل نہیں کیا جا سکتا جبکہ سپریم کورٹ نے ایک نجی کمپنی کی اپیل دو ایک کی اکثریت سے منظور کرتے ہوئے لاہور ہائی کورٹ اور ماتحت عدالت کے احکامات کالعدم قرار دے دیے۔ مقدمے میں متحدہ عرب امارات کی وفاقی اور ابوظبی کی مقامی عدالتوں کی قانونی حیثیت اور غیر ملکی عدالتی فیصلوں کے پاکستان میں نفاذ سے متعلق قانونی نکات کا جائزہ لیا گیا۔ اکثریتی فیصلے میں جسٹس منیب اختر اور جسٹس محمد شفیع صدیقی نے قرار دیا کہ ابوظبی کی مقامی اپیل عدالت کو متحدہ عرب امارات کی وفاقی اپیل عدالت تصور نہیں کیا جا سکتا، مقامی عدالتی اختیارات وفاقی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر9)

سنجاوی، صوبائی وزیر نور محمد خان دومڑ سے ڈی آئی جی لورالائی ریجن جنید احمد شیخ ملاقات کررہے ہیں

الائیڈ پروفیشنل ہیلتھ ایسوسی ایشن پنجگور کی نومنتخب کابینہ نے ایم ایس سے ملاقات

پیرامیڈیکس اسٹاف کے تمام جائز مسائل کے حل اور ہسپتال کے نظام کی بہتری کے لیے مثبت اقدامات کیے جائیں گے، ڈاکٹر عبدالغفار

پنجگور (آن لائن) پنجگور الائیڈ پروفیشنل ہیلتھ ایسوسی ایشن ضلع پنجگور کی نومنتخب کابینہ نے ٹیچنگ ہسپتال پنجگور کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدالغفار سے ایک اہم تعارفی اور خیرسگالی ملاقات کی۔ اس ملاقات کا مقصد باہمی تعارف، پیشہ ورانہ روابط کو مضبوط بنانا اور پیرامیڈیکس اسٹاف کو درپیش مسائل ومشکلات سے ہسپتال انتظامیہ کو آگاہ کرنا تھا ملاقات نہایت خوشگوار، دوستانہ اور سازگار ماحول میں ہوئی، جس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر65)

صدر مملکت کا سینئر صحافی حسین نقی کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد(آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے سینئر صحافی، انسانی حقوق کے علمبردار حسین نقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اتوار کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے حسین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر64)

کوئٹہ پریس کلب میں مولانا فضل الرحمان کے خلاف کی گئی پریس کانفرنس کی شدید مذمت

مولانا فضل الرحمان کو کمزور کرنے کی کوششیں دراصل دینی مدارس پر ہاتھ ڈالنے کی سازش ہے جسے کامیاب نہیں ہونے دیں گے

نوشکی (آن لائن) جمعیت علما اسلام نوشکی کے ضلعی امیر مولانا غلام نبی حاجی منظور احمد مینگل قاری محمد طیب جان مولانا احمد شاہ کلانی مولانا غلام حیدر مولانا ملک محمد حافظ عبداللہ گورگیج مولوی عبدالصمد مینگل مولانا محمد ابراہیم گورگیج مولانا کفایت اللہ مولوی زکریا عادل مولوی عبدالغفور بڑیچ حاجی عبدالطیف گورگیج نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا مقتدر قوتوں کی جانب سے مولانا فضل الرحمان کے خلاف کچھ ایسے مولویوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر48)

صدر مملکت کا لبنان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی حمایت کا اعادہ

اسلام آباد(آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے لبنان کی خودمختاری، آزادی اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے موجودہ سیکورٹی صورتحال پر تشویش کا اظہار اور اسرائیل کی جانب سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر47)

صوبائی وزیر نور محمد دومڑ نے سنجاوی ہسپتال میں نئی ایمرجنسی اور لیبر روم کا افتتاح کردیا

سنجاوی کے عوام کو معیاری طبی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں، نور محمد

سنجاوی (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دومڑ نے سنجاوی ہسپتال میں نیو ایمرجنسی اور لیبر روم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں متعلقہ محکموں کے افسران، معززین علاقہ اور عوام نے بھرپور شرکت کی اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دومڑ نے کہا کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ صحت مند معاشرہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر46)

دسمبر اہم ہے، کراچی وفاق کو دینے کی تجویز آئی تو بھرپور حمایت کرینگے

مصطفیٰ کمال

صدر زرداری سمجھدار سیاستدان ہیں، معاملات آگے بڑھانے کے لیے مناسب وقت کی اہمیت سمجھتے ہیں، وفاقی وزیر صحت

نئے صوبوں کا قیام پاکستان کی ترقی اور سلامتی کیلئے ناگزیر ہے، نئے صوبوں کی تحریک سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے

کراچی (آن لائن) وفاقی وزیر صحت اور متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ کراچی کو وفاق کا حصہ بنانے کی تجویز سامنے آئی تو وہ اس کی بھرپور حمایت کریں گے، نئے صوبوں کے قیام کی جدوجہد سے کسی صورت پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ انہوں نے اپنے بیان میں واضح کیا کہ کوئی بھی سیاسی دباؤ انہیں نئے صوبوں کی تحریک سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹا سکتا، نئے صوبوں کا قیام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر11)

شاہد رند کا سینئر صحافی حسین نقی کے انتقال پر اظہار افسوس، صحافت کا بڑا نقصان قرار

حسین نقی نے آزادی اظہار اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے زندگی وقف کی، شاہد رند

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے سینئر صحافی اور جمہوری اقدار کے علمبردار حسین نقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں شاہد رند نے کہا کہ حسین نقی کے انتقال سے صحافت ایک تجربہ کار، بااصول اور مدبر صحافی سے محروم ہوگئی ہے۔ مرحوم نے اپنی پوری زندگی آزادی اظہار اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے جدوجہد کرتے ہوئے صحافت میں ایک منفرد مقام بنایا۔ انہوں نے کہا کہ حسین نقی کی صحافتی خدمات، اصول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر49)

نئے صوبے بنانے پر ریفرنڈم ہی واحد حل ہے، معاملہ عوام کے حوالے کیا جائے

رانا ثناء اللہ

پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری ریفرنڈم کے معاملے پر خون کی ندیاں بہانے کی بات مناسب نہیں ہے

ملک میں موجودہ بحرانی صورتحال کے تناظر میں عوام سے اس معاملے پر رائے لینے میں کوئی قباحت نہیں ہونی چاہیے، انٹرویو

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ نئے صوبوں پر ریفرنڈم ہی واحد حل ہے، یہ معاملہ عوام کے حوالے کیا جائے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ نئے صوبوں کا معاملہ اس قدر متنازع شکل اختیار کر چکا ہے کہ اب اس کا بہتر حل عوام سے براہ راست رائے حاصل کرنے میں ہی نظر آتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں موجودہ بحرانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر10)

پاکستان اور ایران کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے پر مذاکرات آخری مراحل میں داخل

معاہدہ رواں فارسی سال کے اختتام تک طے پانے کی توقع ہے، ایرانی میڈیا

تہران (جی این ایم) پاکستان اور ایران کے درمیان جامع آزاد تجارتی معاہدے (ایف ٹی اے) پر مذاکرات آخری مرحلے میں داخل ہوگئے ہیں جو رواں فارسی سال کے اختتام تک طے پانے کی توقع ہے۔ ایرانی خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق ایران کی تجارتی ترقی کی تنظیم (ٹی پی او) کے مشرقی ایشیا اور برصغیر کے دفتر کے نائب سربراہ سید مہرداد سادات نسب نے بتایا ہے کہ پاکستان اور ایران کے درمیان آزاد تجارتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر67)

کراچی، ٹرک کے بریک فیل ہونے پر حادثہ، 2 افراد جاں بحق، 7 زخمی

کراچی (جی این ایم) کراچی کے علاقے گلشن اقبال مشرق سینٹر کے قریب تیز رفتار ٹرک کے بریک ہوگئے جس کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 7 زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق مشرق سینٹر کے قریب ٹرک کا اچانک بریک فیل ہوگیا جو موٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر66)

حب میں وفاقی محکموں کی آسامیوں پر امیدواروں کے انٹرویوز شروع، انتظامات مکمل

ڈپٹی کمشنر حب کی نگرانی میں بھرتیوں کا عمل میرٹ اور شفافیت کے ساتھ جاری

حب (خ ن) وفاقی محکموں میں مختلف آسامیوں پر بھرتی کے سلسلے میں امیدواروں کے انٹرویوز کا آغاز آج صبح 9 بجے ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر (ٹی ٹی سی) حب میں ہوگیا۔ انٹرویوز کا عمل منظم ماحول میں جاری ہے، جس کے لیے ضلعی انتظامیہ حب کی جانب سے تمام تر انتظامات مکمل کیے گئے ہیں۔ ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کے جاری کردہ ٹیسٹ انٹرویو شیڈول کے مطابق آج ضلع خضدار سے تعلق رکھنے والے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر50)

چونیاں، فصل میں داخل ہونے والی بھینس کی ٹانگیں کاٹ دی گئیں

قصور (جی این ایم) چونیاں میں انسانیت کو جھنجھوڑ دینے والا افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں مبینہ طور پر فصل میں داخل ہونے پر ایک بے زبان بھینس کی ٹانگیں کاٹ دی گئیں۔ تفصیل کے مطابق چونیاں کے علاقے کوٹ گاما میں راستے سے گزرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر51)

جعفرآباد میں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے حکم پر ایس ایچ او تھانہ سٹی ڈیرہ اللہ یار کے خلاف مقدمہ درج

ایس ایچ او نے مجھے بلاجواز گرفتار کرکے حبس بیجا میں رکھا اور دو لاکھ روپے چھین لیے، مدعی مقدمہ کا موقف سامنے آگیا

جعفرآباد (آن لائن) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے حکم پر ایس ایچ او تھانہ سٹی ڈیرہ اللہ یار کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ مقدمہ مدعی رب نواز بھنگر کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے جس میں ایس ایچ او مراد بھنگر اور گن مین حنیف بھنگر کو نامزد کیا گیا ہے جبکہ مقدمے میں تعزیرات پاکستان کی دفعات چونتیس، ایک سو چھیاسٹھ اور تین سو بیاسی لگائی گئی ہیں۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق مدعی نے موقف اختیار کیا ہے کہ وہ کراچی اپنے بیمار والد کی تیمارداری کے لیے جا رہا تھا کہ ایس ایچ او نے اسے بلاجواز گرفتار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر52)

سندھ کی تقسیم کسی صورت قبول نہیں، صوبہ ایک ہے اور ایک رہے گا، ناصر حسین شاہ

کاروباری حضرات اچانک صوبوں کے قیام کی بات کہاں سے لے آئے، صحافیوں سے گفتگو

کراچی (جی این ایم) سندھ کے وزیر بلدیات ناصر حسین شاہ نے واضح کیا ہے کہ سندھ کی وحدت پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جاسکتا، صوبہ ایک ہے اور ایک رہے گا۔ حیدرآباد میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سندھ آج بھی ایک ہے اور مستقبل میں بھی ایک ہی رہے گا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ریفرنڈم کے انعقاد سے خوفزدہ نہیں ہے، تاہم اگر پارٹی کو اعتماد میں لیے بغیر یا اسے نظرانداز کرکے اس حوالے سے کوئی فیصلہ کیا گیا تو پیپلز پارٹی سندھ کے عوام کے ساتھ کھڑی ہوگی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر53)

حلبی قبیلے کی شاخ نوروز خیل اور غبیزئی قبیلے کی شاخ جانو کہول کے درمیان قتل کے تصفیے سے لالہ یوسف حلبی، حاجی حسن جان شمشوزئی، سردار احمد اچکزئی، نور خان حلبی اور دیگر خطاب کررہے ہیں

پاکستان خواتین کو مساوی حقوق فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے

اعظم نذیر تارڑ

پاکستان کا خواتین کو بااختیار بنانے، مساوی حقوق، تعلیم اور معاشی خودمختاری کے فروغ کے لیے پاکستان کے عزم کا اظہار

ترک صدر کی بیٹی اور ترکیہ کی وزیر خاندانی وسماجی خدمات ماہینور اوزدمیر گوکتاش سے ملاقات، دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال

لاہور/استنبول (آن لائن) پاکستان نے خواتین کو بااختیار بنانے، مساوی حقوق، تعلیم اور معاشی خودمختاری کے فروغ کے لیے پاکستان کے عزم کا اظہار کیا ہے اور وفاقی وزیراعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان خواتین کو مساوی حقوق، باوقار مقام اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ استنبول میں ساتویں ویمن سمٹ، خواتین اور بچیوں کو بااختیار بنانے کے لیے وفاقی وزیر برائے قانون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر12)

روس کا یوکرین پر حملہ، بچے سمیت 2 افراد ہلاک، 60 زخمی

روسی میزائل پولینڈ کی حدود میں بھی گرے، ایک مشتبہ جیٹ انجن والا ڈرون بھی پولینڈ کی فضائی حدود میں داخل

ماسکو، کیف (جی این ایم) روس نے یوکرین کے وسطی صنعتی شہر کریوی ریح پر بیلسٹک میزائلوں اور ڈرونز سے حملہ کیا جسکے نتیجے میں سات سالہ بچے اور ایک خاتون سمیت 2 افراد ہلاک جبکہ 60 افراد زخمی ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق روسی حملے کے دوران میزائلوں اور ڈرونز کے ذریعے مختلف مقامات کو نشانہ بنایا گیا، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر56)

ایک مخصوص طبقہ ملک پر مسلط ہے، ان سے جان چھڑانی ہوگی

حافظ نعیم الرحمن

بلوچستان کے نوجوان کو تعلیم، روزگار اور امن چاہیے، نظام سے مایوس ہونیوالوں کو کہتا ہوں اپنی زندگیوں کو برباد مت کرو

بلوچستان کے لوگوں کو گیس فراہم نہیں کی جا رہی ہے، چمن تفتان بارڈر بند کرنے سے تجارت بند ہے، امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ مخصوص طبقہ ملک پر مسلط ہیں، ان سے جان چھڑانی ہوگی، آؤ ہمارے ساتھ ملکر سیاسی مزاحمت کے کلچر کو آگے بڑھاؤ، جاگیردار، سردار، وڈیرے ہمارا خون چوس رہے ہیں، پورے نظام کی تبدیلی کی جدوجہد کرنی ہے۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ مارشل لا، ہائبرڈ نظام، نام نہاد جمہوریت ہو تو یہی لوگ اقتدار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر13)

پاک چین دوستی؛ خلائی جہاز شین زو-24 کی لانچنگ کی مشق کامیابی سے مکمل

جیو چوان سیٹلائٹ لانچ سینٹر پر شین زو-24 خلائی جہاز کی کامیاب لانچنگ ڈرل کی گئی، پرواز سے قبل عملے کی کامیاب مشق

اسلام آباد (آن لائن) پاک چین دوستی کا ایک اور تاریخ ساز سنگ میل سامنے آ گیا، شین زو-24 کی لانچنگ کی مشق کامیابی سے مکمل ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق شمال مغربی چین میں واقع جیو چوان سیٹلائٹ لانچ سینٹر پر شین زو-24 خلائی جہاز کی کامیاب لانچنگ ڈرل کی گئی، پرواز سے قبل عملے کی اس مشترکہ مشق میں تینوں خلا بازوں نے آپریشنز بالکل درست طریقے سے انجام دیے۔ چائنا آسٹروناٹ ریسرچ اینڈ ٹریننگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر69)

فلور ملز مالکان کو گندم کوٹے سے متعلق مسائل حل کرنے کی یقین دہانی

کراچی (جی این ایم) سندھ میں فلور مل مالکان کو گندم کوٹے سے متعلق مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرادی گئی۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت سندھ جام اکرام اللہ دھاریجو سے گھوٹکی میں فلور مل مالکان اور بینک نمائندوں کی ملاقات ہوئی، جس میں گندم کوٹہ کم ہونے اور جاری نہ ہونے کے مسائل اٹھائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر68)

کوئٹہ، میکانگی روڈ سیوریج نالے کا ڈھکن ٹوٹ پھوٹ کا شکار جس کی وجہ سے حادثہ رونما ہوسکتا ہے

امریکا اور کینیڈا کی افواج کے درمیان تعاون محدود کرنے کا مبینہ خفیہ میمو

اوٹاوا (جی این ایم) امریکا اور کینیڈا کی افواج کے درمیان تعاون محدود کرنے سے متعلق مبینہ خفیہ امریکی میمو سامنے آ گیا تاہم اس کے بعد کینیڈین وزیر دفاع نے دونوں ممالک کے درمیان فوجی تعاون جاری رہنے کی تصدیق کر دی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق کینیڈین وزیر دفاع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر57)

خیبر پختونخوا کے ترقیاتی پیکیج کے 10 ارب روپے جاری ہونا خوش آئند، ثمر بلور

ترقیاتی فنڈز کی پہلی قسط سے صوبے میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام آگے بڑھانے میں مدد ملے گی

پشاور (آن لائن) گورنر خیبر پختونخوا کی مشیر برائے اطلاعات وتعلقات عامہ ثمر ہارون بلور نے کہا ہے کہ صوبے کے ترقیاتی پیکیج کے 10 ارب روپے جاری ہونا خوش آئند ہے۔ اپنے جاری بیان میں ثمر ہارون بلور کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کے لیے وزیراعظم کی جانب سے 160 ارب روپے کے ترقیاتی پیکیج میں سے 10 ارب روپے جاری کیے جانے کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی فنڈز کی پہلی قسط سے صوبے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر54)

ریفرنڈم کے معاملے پر وزراء کے ایک مخصوص گروپ کے طرزعمل کی مذمت کرتے ہیں: رضا ربانی

کہا جارہا ہے ریفرنڈم کے نتائج حق میں آئے تو انہیں عدالت میں توثیق کیلئے پیش کیا جائے گا، سابق چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (آن لائن) سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی کا کہنا ہے کہ ریفرنڈم کے معاملے پر وزراء کے ایک مخصوص گروپ کے طرزعمل کی مذمت کرتے ہیں۔ پیپلز پارٹی رہنما رضا ربانی کا کہنا ہے کہ ریفرنڈم آرٹیکل 239/4 میں صوبائی حدود میں تبدیلی کے وضع کردہ طریقہ کار کا متبادل نہیں، ریفرنڈم کے معاملے پر وزراء کا ایک مخصوص گروپ کیطرز عمل کی مذمت کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کہا جارہا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر70)

ایران اور روس کے درمیان جوہری تعاون جاری رہے گا: روسی عہدیدار

ماسکو (جی این ایم) روس کی سرکاری جوہری توانائی کمپنی روس ایٹم کے سربراہ الیکسی لیخاچیف نے کہا ہے کہ ایران میں بوشہر جوہری بجلی گھر کا منصوبہ رواں سال ہونے والے فوجی حملوں کے دوران کڑے امتحان سے گزرا اور یہ کہ ایران اور روس کے تعلقات بیرونی دباؤ کا مقابلہ کرنے میں کامیاب رہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر71)

12 مئی دوبارہ نہیں ہونے دیں گے، مذاکرات ہی مسائل کا حل ہیں، میئر کراچی

ہم چاہتے ہیں کہ کوئی سڑک بند نہ ہو، کوئی سیاسی جماعت اگر کوئی بات کرنا چاہے تو کرے

کراچی (آن لائن) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ سانحہ 12 مئی نہیں ہونے دیں گے، بات چیت ہی مسائل کا حل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی ڈائیلاگ ہمیشہ ہوتے رہنا چاہیے، ہم چاہتے ہیں کہ کوئی سڑک بند نہ ہو، کوئی سیاسی جماعت اگر کوئی بات کرنا چاہے تو کرے، افہام و تفہیم کے ساتھ معاملہ آگے بڑھے۔ علی خورشیدی میرے بھائی ہیں، پڑھے لکھے آدمی ہیں، بس وہ غلط جگہ پھنس گئے ہیں، کمٹمنٹ یہ ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر62)

عالمی منڈی میں روئی کی قیمتوں میں کمی

کراچی (آن لائن) امریکی، چینی اور روسی صدور کی ملاقات کے بعد امریکا اور چین کی درآمدی و برآمدی ٹیرف میں کمی کی توقعات کے باعث عالمی سطح پر روئی کی قیمتوں میں کمی کا رجحان پیدا ہوگیا ہے جبکہ اسکے برعکس پاکستان میں معیاری روئی کی انتہائی محدود دستیابی سے قیمتیں مستحکم رہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر58)

طاہر اشرفی کا مدارس رجسٹریشن کیلئے صدارتی آرڈیننس کا خیر مقدم

چیئرمین پاکستان علماء کونسل نے صدر، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کا خصوصی دلچسپی پر شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان علماء کونسل کے چیئرمین اور قومی پیغام امن کمیٹی کے کوآرڈینیٹر حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے خیبر پختونخوا میں دینی مدارس کی رجسٹریشن کے حوالے سے صدارتی آرڈیننس کے اجرا کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے ملک بھر کے مدارس کو درپیش دیرینہ انتظامی اور مالی مشکلات کے حل کی جانب ایک اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔ اپنے ویڈیو بیان میں حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر55)

غزہ بند کلی باشا ضلع پشین کے رہائشی شیرزمان سالانی اور دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

دہشتگردی کے خاتمے تک خیبرپختونخوا میں ایمرجنسی نافذ رہے گی، طارق فضل

گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ سے خیبر پختونخوا میں امن و ترقی کے نئے دور کا آغاز ہوا، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

صوبے میں دہشت گردی کے خاتمے اور ترقیاتی اہداف کے حصول کے لیے گورنر کا مضبوط اور بااختیار ہونا ضروری ہے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی گورنر خیبر پختونخوا کے آئینی کردار اور وفاقی حکومت کے ساتھ رابطوں کو متنازع نہ بنائے کیونکہ صوبے میں دہشت گردی کے خاتمے اور ترقیاتی اہداف کے حصول کے لیے گورنر کا مضبوط اور بااختیار ہونا ضروری ہے۔ اتوار کو اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت خیبر پختونخوا کے گورنر کو بااختیار بنا رہی ہے اور حالیہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر14)

شمالی غزہ میں اسرائیلی فوج کی دہشت گردی، رہائشی عمارتیں تباہ، 3 امدادی کارکن شہید

غزہ (جی این ایم) غزہ میں اسرائیلی فوج کے حملے جاری، شمالی غزہ میں رہائشی عمارتیں دھماکوں سے تباہ کردی گئیں، کھانا تقسیم کرنے والی گاڑی پر حملے میں تین امدادی کارکن شہید ہو گئے۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی فوج نے شمالی غزہ کے زیر قبضہ علاقوں میں رہائشی عمارتوں کو دھماکوں سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر59)

کوئٹہ، سیٹلائٹ ٹاؤن کے رہائشی محمد رفیق، احمد اللہ اور دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

جنگ میں زخمی 70 فیصد اسرائیلی فوجی دوبارہ ڈیوٹی پر واپس آگئے، آئی ڈی ایف

زخمی اہلکاروں میں جسمانی اور ذہنی صدمے کا شکار ہونے والے فوجی بھی شامل ہیں: اسرائیلی فوج

تل ابیب (جی این ایم) اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ گزشتہ 3 سال کے دوران جنگ میں زخمی ہونے والے اس کے تقریباً 70 فیصد اہلکار صحت یابی کے بعد دوبارہ فوجی خدمات انجام دینے لگے ہیں، جبکہ وزارت دفاع کے بحالی کے شعبے میں اس وقت تقریباً 31 ہزار زخمی افراد رجسٹرڈ ہیں۔ اسرائیلی فوج نے اتوار کو جاری کردہ اعداد وشمار میں بتایا کہ زخمی اہلکاروں میں جسمانی اور ذہنی صدمے کا شکار ہونے والے فوجی بھی شامل ہیں۔ یہ اعداد وشمار اسرائیل کی جنگوں اور دشمنانہ کارروائیوں میں زخمی ہونے والے افراد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر73)

انڈونیشیا، فیکٹری میں آتشزدگی سے 3 افراد ہلاک، 36 لاپتہ افراد کی تلاش جاری

جکارتہ (جی این ایم) انڈونیشیا میں ایک فیکٹری میں خوفناک آتشزدگی کے بعد امدادی ٹیموں نے ملبے میں پھنسے افراد کی تلاش کا آپریشن شروع کردیا۔ واقعے میں ابتدائی طور پر 3 افراد کی ہلاکت کی تصدیق ہوئی ہے، جبکہ 36 افراد تاحال لاپتہ ہیں، جن کے بارے میں خدشہ ہے کہ وہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر72)

غیر ملکی سرمایہ برقرار رکھنے کے لیے بھارت میں ٹیکس رعایتوں پر غور

ٹیکس میں کمی سے سرمایہ کاری بڑھے گی، مگر معاشی استحکام بھی ضروری ہے، ماہرین

اسلام آباد (آن لائن) غیر ملکی سرمایہ کاروں کی جانب سے بڑے پیمانے پر حصص فروخت کیے جانے کے بعد بھارت میں غیر ملکی حصص سرمایہ کاروں کو ٹیکس میں رعایت دینے پر غور نے عالمی سرمائے کو ملک میں برقرار رکھنے کے بڑھتے ہوئے چیلنج کو نمایاں کر دیا ہے۔ مالیاتی ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ صرف مسابقتی ٹیکس نظام کارپوریٹ آمدن، کرنسی کے استحکام اور معاشی بنیادی عوامل سے متعلق خدشات کو دور نہیں کر سکتا۔ نومبر 2026 کے اوائل تک غیر ملکی سرمایہ کار بھارتی حصص کی تقریباً 31 ارب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر63)

پنجاب میں فضائی آلودگی میں اضافہ، لاہور آلودہ ترین شہروں میں پہلے نمبر پر برقرار

اسلام آباد، لاہور (جی این ایم) پنجاب میں فضائی آلودگی میں اضافہ ہونے لگا، لاہور کی فضا انتہائی مضر صحت ہوگئی ہے۔ صوبائی دارالحکومت دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں مسلسل پہلے نمبر پر برقرار ہے، شہر کا مجموعی ایئر کوالٹی انڈیکس 500 سے تجاوز کر گیا۔ لاہور کے علاقے گلبرگ ٹو میں فضائی آلودگی کا انڈیکس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر60)

نئے صوبوں پر اعتراض نہیں، آئینی طریقہ کار اختیار کیا جائے، نیئر بخاری

وزیراعظم کابینہ کو اعتماد میں لے کر معاملہ پارلیمان میں لائیں

اسلام آباد (جی این ایم) سیکریٹری جنرل پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز نیئر بخاری کا کہنا ہے کہ نئے صوبوں پر اعتراض نہیں، آئینی طریقہ کار اختیار کیا جائے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ وزیراعظم اپنی پوزیشن واضح کریں، پیپلز پارٹی آئین سے انحراف قبول نہیں کرے گی، وزیر اعظم کابینہ کو اعتماد میں لے کر نئے صوبوں کا معاملہ پارلیمان میں لائیں۔ نیئر بخاری نے کہا کہ بلاول بھٹو کا موقف واضح ہے، پیپلز پارٹی کی پالیسی آئین کی بالادستی ہے، نئے صوبوں یا ریفرنڈم کا فیصلہ پارلیمان کا آئینی اختیار ہے، کسی سولین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر61)

متحدہ عرب امارات اور سنگاپور دنیا کے محفوظ ترین ملک قرار، گیلپ رپورٹ

پاکستان میں صرف 53 فیصد افراد خود کو محفوظ سمجھتے ہیں، بھارت میں شرح 71 فیصد ہے، رپورٹ

سنگاپور (جی این ایم) ذاتی تحفظ کے اعتبار سے متحدہ عرب امارات نے دنیا بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کرلی، گیلپ کی گلوبل سیفٹی رپورٹ 2026 کے مطابق متحدہ عرب امارات اور سنگاپور 96 فیصد شرح کے ساتھ پہلے نمبر پر ہیں۔ رپورٹ کے مطابق متحدہ عرب امارات میں 96 فیصد شہریوں اور رہائشیوں نے کہا کہ وہ رات کے وقت اپنے علاقے میں تنہا پیدل چلنے کو محفوظ سمجھتے ہیں، اماراتی شہریوں میں یہ شرح 98 فیصد جبکہ غیر ملکی رہائشیوں میں 96 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ مردوں اور خواتین دونوں میں بھی تحفظ کا احساس 96 فیصد رہا۔ گیلپ کے مطابق متحدہ عرب امارات نے 2020 کے بعد پہلی مرتبہ عالمی درجہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر74)

نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کے اعزاز میں نیشنل پارٹی کے مرکزی سنٹرل کمیٹی کے ممبر نیاز بلوچ کی جانب سے دیے گئے ظہرانہ کے شرکاء